eri

# ایجوکیشنل ریسرچ انسٹیٹیوٹ

اسباق کی مکمل منصوبہ بندی

# ارمغانِ اُردو

## رہنمائے اساتذہ برائے جماعت اوّل




ایڈریس: F-77 بلاک-B نارتھ ناظم آباد، کراچی۔ فون : 021-36624151,36626236 ای۔میل: contact@eri.edu.pk ویب سائٹ: www.eri.edu.pk

## اس کتاب کو پڑھانے کے لیے عمومی رہنمائی برائے اساتذہ

ارمغان اردو کو نظر ثانی ایڈیشن آپ کے ہاتھ میں ہے جس سے طلبا اور اساتذہ دونوں مستفید ہو سکتے ہیں۔ الحمد اللہ یہ کتاب اس فکر اور جذبے کے تحت مرتب کی گئی ہے کہ اردو زبان کی دستیاب کتب میں موجود اس کمی کو پورا کر سکے جس کو اساتذہ ایک عرصے سے محسوس کر رہے تھے۔ یہ کتاب قومی نصاب سے مطابقت رکھتی ہے۔
اس کتاب کو پڑھانے کے لیے رہنمائے اساتذہ بھی ترتیب دی گئی ہے۔ اس رہنمائے اساتذہ میں دراصل ہر سبق کی مکمل منصوبہ بندی شامل ہے تا کہ اساتذہ تدریسی عمل میں اس سے معاونت حاصل کر سکیں۔ اس رہنمائے اساتذہ کی چیدہ چیدہ خصوصیات درج ذیل ہیں۔

☆تمام اسباق کی مکمل منصوبہ بندی اس انداز میں کی گئی ہے کہ اساتذہ اس سے فائدہ اٹھا کر اپنے ماہانہ نصاب کے مطابق اس کی ترتیب و تدوین اور یونٹ کی تقسیم کر سکیں۔ اس رہنمائے اساتذہ میں اسباق کی منصوبہ بندی کرتے وقت 60 منٹ کے حساب سے اوقات کار کی تقسیم کی گئی ہے۔ اساتذہ اپنے اسکولوں کے نظام کے تحت اور اپنی صوابدید کے مطابق ان میں تبدیلی کر سکتے ہیں۔

☆ہر منصوبہ بندی کے آغاز میں اس کے مقاصد تحریر کیے گئے ہیں تا کہ اساتذہ ہر یونٹ کے اہداف حاصل کرنے میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔

☆تدریسی مواد اور طریقہ کار کی مکمل وضاحت بھی کی گئی ہے۔ اساتذہ اس رہنمائے اساتذہ سے مطلوبہ اور بہترین نتائج اسی وقت حاصل کر سکیں گے جب وہ اس کا بغور مطالعہ کریں گے اور اس میں دیے گئے پڑھائی کے طریقہ کار پر پوری طرح عمل پیرا ہوں گے۔

☆کسی بھی زبان پر عبور حاصل کرنے کے لیے چار مہارتوں یعنی سننا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا پر عبور حاصل کرنا ضروری ہے۔ اس رہنمائے اساتذہ میں اردو کی ان تمام مہارتوں کے ساتھ ساتھ ادراک اور فہم کی سرگرمیوں کو شامل کرنے کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا ہے۔ بچوں کو زبان سکھانے کے لیے سننے اور بولنے کے مواقع فراہم کرنا بہت ضروری ہے۔ اس لیے اسباق کی منصوبہ بندی کرتے وقت اس بات پر خصوصی توجہ دی گئی ہے کہ بچوں سے مختلف موضوعات سے متعلق گفتگو اور سوالات کیے جائیں تا کہ ان کی ذہن سازی کی جا سکے اور بچوں کے ادراک اور فہم میں بھی اضافہ ہو۔ بچوں سے گفتگو کرتے وقت معلمہ معیاری زبان کا استعمال کریں۔ سوال کرنے کے بعد بچوں کو سوچنے کا موقع دیں اور جواب کا انتظار کریں۔ غلط جواب کی صورت میں بچے کو ڈانٹنے سے گریز کریں اور وہی سوال جماعت کے کسی دوسرے بچے سے پوچھیں۔ درست جواب دینے پر بچے کی حوصلہ افزائی کریں۔

**#الفاظ سازی:** رہنمائے اساتذہ میں بچوں کو صوتیاتی طریقہ تدریس کی مدد سے ارکان سازی سکھائی گئی ہے تا کہ بچے حروف کی آوازوں کو ملا کر الفاظ لکھنا سیکھ لیں۔ اس کے ساتھ ساتھ معمے اور ہم آواز الفاظ کی سرگرمیوں کی مدد سے بچوں کو الفاظ بنانے کا طریقہ بھی سکھایا گیا ہے۔ لفظوں کے کھیل کی مدد سے نئے نئے الفاظ تخلیق کرنے اور ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنے کی بھی کوشش کی گئی ہے۔

**#املا:** تخلیقی مہارت پر عبور حاصل کرنے کے لیے املا کی مہارت کو اجاگر کرنا بھی ضروری ہے۔ ابتدائی جماعتوں میں بچوں کے لیے الفاظ کو درست املا سے لکھنے کا عمل ایک مشکل ترین مرحلہ ہے۔ اس رہنمائے اساتذہ کی رہنمائی کے لیے بچوں کو اسباق میں دیے گئے نئے الفاظ کا املا سکھانے کے لیے مختلف اور دلچسپ طریقوں کو شامل تدریس کیا گیا ہے اور ہفتے میں ایک بار املا کی مہارت کو منصوبہ بندی کا مستقل حصہ بنایا گیا ہے۔

**#ذخیرہ الفاظ کی تدریس:** بچوں کو نئے ذخیرہ الفاظ سے متعارف کرانے کے تین مراحل ہوتے ہیں۔

**1۔ تعارف:** اس رہنمائے اساتذہ میں نئے ذخیرہ الفاظ کو متعارف کروانے کے لیے مختلف طریقے اختیار کیے گئے ہیں۔ مثلاً: سبق کے خاموش مطالعے کے دوران نئے الفاظ خط کشید کرنا، مختلف کھیلوں اور فلیش کارڈز / تختہ نرم اور تختہ تحریر کی مدد سے بچوں کو نئے الفاظ کی پہچان کروانا۔ بچوں کو ذخیرہ الفاظ سکھانے سے قبل معلمہ کو چاہیے کہ وہ خود بھی الفاظ کے درست تلفظ کی پہلے سے مشق کر لیں۔

**2۔ مشق:** الفاظ کا تعارف کروانے کے بعد ان کی مشق کے لیے متعارف کروائے گئے الفاظ کے معنی کو کسی نئی عبارت کے سیاق و سباق کی مدد سے اخذ کروانے اور زبانی جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی اور استعمال سکھایا گیا ہے۔

**3۔ تخلیق:** ذخیرہ الفاظ کو پڑھانے کا حق تب ہی ادا ہو سکتا ہے جب بچے ان ذخیرہ الفاظ کی مدد سے کچھ تخلیق کر سکیں۔ اس مقصد کے لیے بچوں سے نئے ذخیرہ الفاظ کے جملے بنوائے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں معلمہ پہلے اپنا جملہ پیش کرے تاکہ بچے پڑھے گئے ذخیرہ الفاظ کا استعمال سیکھ لیں اور اس کے بعد بچوں کو دعوت دے کہ وہ اپنا جملہ تخلیق کریں۔

**# پڑھائی:** ابتدائی جماعتوں میں بچوں کو پڑھائی کی جانب رغبت دلانا بہت ضروری ہے۔ اس سلسلے میں بصری پڑھائی (دیکھ کر بغیر ہجوں کے پڑھنا) کا طریقہ کار انتہائی کامیاب ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ اس کو باقاعدہ منصوبہ بندی کا حصہ بنائیں۔ اس رہنمائے اساتذہ میں ابتدا کے دس منٹ پڑھائی کے لیے مختص کیے گئے ہیں اور فلیش کارڈز، تختہ تحریر اور تختہ نرم کی مدد سے پڑھائی کے دلچسپ طریقے سکھائے گئے ہیں۔ مثلا: معلمہ کے ساتھ مل کر پڑھائی، انفرادی پڑھائی، جوڑوں میں پڑھائی وغیرہ۔ اگر جماعت میں تختہ نرم موجود نہ ہو تو دیوار یا دروازے پر بھی نئے ذخیرہ الفاظ کو کارڈز یا چارٹس پر لکھ کر ان کی نمائش کی جا سکتی ہے۔ پڑھائی میں بچوں کی دلچسپی پیدا کرنے کے لیے معلمہ درسی کتب کے علاوہ کہانیوں کی کتاب، اخبار اور رسائل سے بھی فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ اسمبلی اور لائبریری پیریڈ میں بچوں کو پڑھنے کے مواقع فراہم کیے جا سکتے ہیں۔

**# اسباق کی تفہیم:** کسی بھی عبارت یا سبق کی تفہیم کے لیے سرگرمیوں کو تین مراحل میں تقسیم کیا گیا ہے۔

**1: قبل از مطالعہ سرگرمیاں:** یہ سرگرمیاں سبق کا مطالعہ کرنے سے قبل کروائی جاتی ہیں تاکہ بچوں کو موضوع کی طرف متوجہ کیا جا سکے۔ ضروری نہیں کہ یہ سرگرمیاں نوٹ بک میں کروائی جائیں بلکہ بچوں کا موڈ بنانے کے لیے تختہ تحریر، نظم، موضوع گفتگو یا وڈیو کا استعمال کیا گیا ہے۔

**2: دوران مطالعہ سرگرمیاں:** ان سرگرمیوں کا مقصد بچوں کو سبق کو پڑھنے کے لیے ہدف فراہم کرنا ہے۔ سبق کے مطالعے کے دوران بچوں کی توجہ کو مرکوز رکھنے کے لیے سبق سے متعلق مختلف سوالات شامل کیے گئے ہیں تاکہ سبق پڑھنے کے دوران ان سوالات کے جوابات ڈھونڈ سکیں اور ان کے فہم و ادراک میں اضافہ ہو۔

**3: بعد از مطالعہ سرگرمیاں:** یہ سرگرمیاں سبق کا حاصل ہوتی ہیں۔ ان سرگرمیوں میں ایسے مختلف النوع سوالات دیے جاتے ہیں جو بچوں کو سوچنے پر مجبور کریں۔ رہنمائے اساتذہ میں تجزیاتی سوالات، حاصل مطالعہ سوالات اور ایسے سوالات تیار کیے گئے ہیں جس کی مدد سے معلمہ اس بات کا جائزہ لے سکتی ہیں کہ بچے سبق کے اصل اہداف تک پہنچ پائے ہیں یا نہیں۔

**# قواعد:** قواعد کسی بھی زبان کی تکنیکی جہت ہوتے ہیں۔ قواعد ہی کی مدد سے الفاظ جملوں میں اور جملے عبارتوں میں تبدیل ہوتے ہیں۔ قواعد کی اغلاط اچھی خاصی خیال آفرینی کو بے ربط عبارت بنا سکتی ہیں۔ رہنمائے اساتذہ میں بچوں کو قواعد سکھانے کے لیے تعریف رٹوانے کے بجائے دلچسپ سرگرمیوں اور کھیلوں کو منصوبہ بندی میں شامل کیا گیا ہے تاکہ بچے ان کی اصل پہچان کر سکیں اور جملوں میں ہونے والی تبدیلیوں کو سمجھ سکیں۔

**# تخلیقی لکھائی:** زبان دانی کی اصل جانچ تب ہی ممکن ہے جب بچے کچھ نیا تخلیق کریں۔ حرف سے الفاظ، الفاظ سے جملے اور جملوں سے عبارت لکھنا سکھانا ایک بتدریج اور محنت طلب کام ہے۔ اس سلسلے میں اساتذہ رہنما میں دیے گئے طریقہ کار بہت مددگار ہیں۔

**1: قبل از تحریر:** اس عمل میں تخلیقی لکھائی سے قبل موضوع کے حوالے سے گفتگو، معلوماتی جال بنانے کی سرگرمیاں تخلیقی لکھائی میں مددگار ثابت ہوتی ہیں۔ منصوبہ بندی میں بچوں کو خیال آفرینی کا بھرپور موقع دیا گیا ہے تاکہ وہ انفرادی طور پر اپنی ذہنی کاوش کو صفحہ قرطاس پر بکھیر سکیں۔

**2: دوران تحریر:** تخلیقی لکھائی کا آغاز کرنے کے بعد معلمہ بچوں کا کام کی نگرانی کریں اور جن کمزور بچوں کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ خیالات کو ترتیب دینے، ذخیرہ الفاظ کے چناؤ اور ان کے استعمال کے لیے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ املا کے خوف کی وجہ سے بعض اوقات بچے نئے ذخیرہ الفاظ کے استعمال سے گریزاں رہتے ہیں معلمہ کو چاہیے کہ وہ املا میں بچوں کی مدد کریں اور جن نئے الفاظ کو لکھنے میں بچوں کو دشواری کا سامنا ہے ان کو تختہ تحریر پر لکھ دیں یا انفرادی طور پر ہر بچے کے پاس جا کر اس لفظ کی درست بناوٹ سکھائیں۔ اس طریقے پر عمل کرنے سے بچے کی اصلاح اسی وقت بھی ہو جائے گی اور ان کے کام میں بھی بہتری آئے گی۔

**3: بعد از تحریر:** اس عمل میں معلمہ کو اس بات کی ترغیب دی گئی ہے کہ وہ بچوں کی تحریر کا جائزہ لینے کے بعد بہترین تحریر کا انتخاب کر کے بچوں کو پڑھ کر سنائے یا بچے سے پڑھوائے تاکہ جماعت کے دوسرے ساتھی بھی بھرپور فائدہ اٹھا سکیں اور معیاری تحریر کا طریقہ جان سکیں۔ اس طریقے سے بچوں کی تخلیقی مہارت میں نکھار آئے گا اور بچے اپنی غلطیوں سے سیکھیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کوشش کو قبول فرمائیں۔ رہنمائے اساتذہ سے زیادہ سے زیادہ اساتذہ فائدہ اٹھا سکیں اور ان کے تدریسی عمل میں مزید نکھار آئے۔ (آمین)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# فہرست


| باب نمبر | عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | پیار بھرا اشارہ (نظم) | ۱ |
| ۲ | ہرا بھرا باغ | ۵ |
| ۳ | دیس ہمارا پاکستان (نظم) | ۸ |
| ۴ | بچوں کا اقبال | ۱۳ |
| ۵ | ٹریفک کے اشارے | ۱۷ |
| ۶ | دعوت | ۲۳ |
| ۷ | رنگوں کی دنیا | ۲۹ |
| ۸ | ایماندار مالی | ۳۴ |
| ۹ | نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے (نعت) | ۳۸ |
| ۱۰ | مٹھی ماڈل اسکول | ۴۳ |
| ۱۱ | سعد کا اقبال | ۴۸ |
| ۱۲ | دو چوزے (نظم) | ۵۳ |
| ۱۳ | شہد کی مکھی | ۵۷ |
| ۱۴ | اچھے پڑوسی | ۶۱ |
| ۱۵ | سبزی والا | ۶۶ |
| ۱۶ | سچ (نظم) | ۷۱ |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ

نظم: پیار بھرا اشارہ　　پہلا دن　　تاریخ: ----------------

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نعمت کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں اور اللہ تعالی کی نعمتوں کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔

☆ نئے الفاظ درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں اور ان کے معنی بھی جان سکیں۔

☆ نظم کو ترنم اور درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ اللہ تعالی کی نعمتوں کا تصویری اظہار کرنا سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ کو درست بناوٹ سے لکھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | معلمہ صفحہ نمبر ا کی قبل از مطالعہ سرگرمی نمبر ا پر دیئے گئے سوال نمبر ا اور ۲ کے جوابات طلبا سے پوچھیں گی۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ نظم کے صفحہ نمبر 01 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں گی۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں گی۔ (اشارہ، نظارہ، زمین، پیارا، شمار، جگمگ، پھول، چاند، ستارے، تمھارے) |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | | معلمہ درست تلفظ سے طلبا کو نظم پڑھ کر سنائیں گی۔ اس کے بعد طلبا معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر ا سے نظم خوش الحانی سے پڑھیں گے۔ |
| تحریری | ۱۵ منٹ | بعد از مطالعہ | طلبا قبل از مطالعہ کی سرگرمی نمبر ا کا سوال نمبر ۳ نوٹ بک میں کریں گے۔ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | معلمہ طلبا کو تمام حروف کی الگ الگ شکلیں ملا کر تختہ لکھائی کی مدد سے اس لفظ کی بناوٹ سکھائیں گی۔ مثلا: ن ظ ا ر ہ : نظارہ<br>اس کے بعد طلبا ہوا میں دو انگلیاں اٹھا کر ان الفاظ کی بناوٹ کی نقل کریں گے تاکہ ان کو الفاظ درست بناوٹ سے لکھنا آجائیں۔ (نظارہ، تمھارا، اشارہ، پیار، کتنا)<br>طلبا ارکان سازی کی مدد سے حروف کا ملا کر الفاظ نوٹ بک میں لکھیں گے۔<br>ن۔ظ۔ا۔ر۔ہ<br>ت۔م۔ھ۔ا۔ر۔ا<br>ا۔ش۔ا۔ر۔ہ<br>پ۔ی۔ا۔ر۔ا<br>ک۔ت۔ن۔ا |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 1 سے نظم کی پڑھائی کریں اور ان الفاظ کو تین بار خوشخط لکھیں۔ (جگمگ۔ نظارہ۔ زمین۔ پھول۔ چاند۔ شمار) |

جماعت اوّل:اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ

نظم:پیار بھرا اشارہ　　دوسرا دن　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد:اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆نعمت کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں اور اللہ تعالی کی نعمتوں کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔

☆ نئے الفاظ درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں اور ان کے معنی بھی جان سکیں۔

☆ نظم کو ترنم اور درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆حروف کو ملا کر الفاظ بنانا سیکھ سکیں۔

☆ذخیرہ الفاظ کا جملوں میں استعمال کر سکیں جس سے ان کی تخلیقی صلاحیت میں اضافہ ہو۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا کو اللہ تعالی کی نعمتوں کی طرف توجہ دلائیں گی۔ کہ اللہ تعالی کا ذاتی نام اللہ ہے لیکن صفاتی نام بہت سے ہیں ۔اللہ تعالی کا ایک صفاتی نام "الرحمن" بھی ہے۔ جس کا مطلب ہے نہایت مہربان۔اللہ تعالی ہم پر اس قدر مہربان ہیں کہ ہمیں بے پناہ نعمتیں دیں۔ اللہ تعالی کی شان بتاتے ہوئے مناظر قدرت دریا، پہاڑ، سمندر کی جانب طلبا کی توجہ دلائی جائے۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ نظم کے صفحہ نمبر 02 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں گی۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں گی۔(برسائی، دھار، فصلوں، بہار، گندم، چاول، مکئی، جوار، خوبانی) جن الفاظ کو تصویر کی مدد سے ظاہر کیا جا سکتا ہے ان کی تصاویر طلبا کو دکھائی جائیں۔ مثلاً: گندم، جوار، مکئی وغیرہ |
| پڑھائی | ۵ منٹ | بلند خوانی | طلبا معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 02 سے نظم خوش الحانی سے پڑھیں گے۔ |
| تحریری | ۴۰ منٹ | | طلبا صفحہ نمبر 03 کی سرگرمی نمبر ۳ کریں گے۔<br>معلمہ طلبا کو اپنا جملہ بتائیں گی اور باری باری چند طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں گی۔ اس کے بعد طلبا نوٹ بک میں جملے بنائیں گے۔ طلبا کو جملے خود بنانے دیں۔ جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو صرف ان کی رہنمائی کی جائے۔ اگر طلبا کو کسی لفظ کے املا میں دشواری ہو تو معلمہ اس لفظ کا املا تختہ تحریر پر لکھ کر طلبا کی مدد کریں۔(جملہ سازی)<br>نوٹ: حروف کو ملا کر الفاظ والی سرگرمی کتاب میں کرائی جائے گی۔ اور جملہ سازی کی سرگرمی طلبا نوٹ بک میں کروائیں۔ |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 03 کی سرگرمی نمبر ۴ کتاب میں کریں۔ |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ


**نظم: پیار بھرا اشارہ　　تیسرا دن　　تاریخ:..............**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ الفاظ کو درست تلفظ سے پڑھنے کا اعادہ کر سکیں۔

☆ نظم کا بغور مطالعہ کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا جال بنانا سیکھیں۔

☆ تخلیقی صلاحیت میں اضافہ ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| بصری پڑھائی | ۵منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ نظم کے صفحہ نمبر 02 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں گی۔ |
| بصری اور تحریری | ۲۰منٹ | قبل از تحریر | معلمہ طلبا سے اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے نام پوچھیں گی اور طلبا کے جوابات کی مدد سے تختہ لکھائی پر جال بنائیں گی۔ طلبا یہ جال اپنی نوٹ بک میں بنائیں گے۔<br><br> |
| تحریری | ۳۵منٹ | تخلیقی لکھائی | طلبا صفحہ نمبر 04 کی سرگرمی نمبر ۶ کا حصہ (ب) نوٹ بک میں کریں گے۔<br>(ب) کسی بھی ایک نعمت کے بارے میں پانچ جملے لکھیں۔<br>**معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں گی اور جن طلبا کو املا میں مدد کی ضرورت ہو گی ان کی مدد کریں گی۔** |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر ۱ سے نظم کی پڑھائی کریں اور ان الفاظ کو تین بار خوشخط لکھیں اور املا کی تیاری کریں۔<br>(جگنو، فوّارے، تمھارے، فصلوں، بہار، مکئی) |

جماعت اوّل: اردو        ماہانہ منصوبہ بندی        دورانیہ ۶۰ منٹ

نظم: پیار بھرا اشارہ        چوتھا دن        تاریخ:-----------------

مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛

☆ گروہ کی شکل میں نظم کو ترنم سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ تحریر کر سکیں (املا کا جائزہ لیا جائے گا)۔

☆ اسم کی پہچان کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | بلند خوانی | معلمہ طلبا کے گروپس بنائیں گی۔ پہلے ایک گروپ مل کر نظم کی بلند خوانی کرے گا۔ اس کے بعد اگلے گروپ کی باری آئے گی۔ اس طرح باری باری تمام گروپ نظم بلند آواز سے پڑھیں گے۔ (معلمہ گروپ بناتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر گروپ میں اچھے اور کمزور طلبا شامل ہوں۔) |
| تحریری | ۱۰ تا ۱۵ منٹ | املا | طلبا سے پچھلی جماعت میں دیے گئے الفاظ کا املا لیا جائے گا۔ |
| سماعت اور زبانی اظہار | ۱۵ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا کو موضوع کی طرف آمادہ کرنے کے لیے تختہ لکھائی پر چار کالم بنائیں۔ ایک کالم میں نام، ایک میں چیز، ایک کالم میں جگہ اور آخری کالم میں جانور لکھیں۔ طلبا سے جماعت میں موجود بچوں اور چیزوں کے نام پوچھیں۔ اور ان کے جوابات تختہ لکھائی پر بنائے گئے نام اور چیز کالم میں لکھیں۔ اسی طرح چند جانوروں اور جگہوں کے نام بھی پوچھیں اور ان کے نام بھی درست کالم میں لکھ دیں۔ طلبا کو بتائیں کہ ہر چیز، جانور، جگہ اور انسان کا نام ہوتا ہے۔ ان سب کے نام "اسم" کہلاتے ہیں۔ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | اعادہ | صفحہ نمبر 04 کی سرگرمی ۵ کا حصہ (الف) نوٹ بک میں کروایا جائے گا۔ |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 04 کی سرگرمی نمبر ۵ کا حصہ (ب) کتاب میں کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: ہرا بھرا باغ　　پہلا دن　　تاریخ: ---------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نئے الفاظ پڑھنا اور لکھنا سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ کے معنی جان سکیں اور جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ مناسب رفتار سے سبق کو پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ سبق کو سمجھ کر پڑھنے کے بعد سوالات کے جوابات لکھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | معلمہ صفحہ نمبر 5 کی قبل از مطالعہ سرگرمی نمبر ا پر دیئے گئے سوالات طلبا سے زبانی پوچھیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 5 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ جن الفاظ کی تصویروں کو ظاہر کیا جاسکتا ہے ان کی تصاویر بھی دکھائیں۔ (**صبح سویرے۔ پرندوں۔ چہچہانے۔ دیکھ بھال۔ محبت۔ حفاظت۔ صاف ستھرا۔ اونچے۔ رنگ برنگے۔ موتیا۔ گیندا)** |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 5 کی بلند خوانی کریں۔ ("اسد کے گھر۔۔۔۔ پھول لگے ہوئے تھے" تک) دورانِ مطالعہ معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ باغ کہاں تھا؟ س ۲۔ اسد کی آنکھ صبح کیسے کھل جاتی تھی؟ س ۳۔ باغ کی دیکھ بھال کون کرتا تھا؟ س ۴۔ مالی بابا باغ کی دیکھ بھال کیسے کرتے تھے؟ س ۵۔ باغ میں کون کون سے پھول تھے؟ |
| تحریری | ۳۰ منٹ | بعد از مطالعہ | طلبا صفحہ نمبر 5 کا خاموش مطالعہ کریں اور صفحہ نمبر 9 کی سرگرمی ۷ کا سوال نمبر ا نوٹ بک میں کریں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی مدد کریں۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 5 کی پڑھائی کریں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔**<br>**س ا۔ باغ کہاں تھا؟**<br>**س ۲۔ اسد کی آنکھ صبح سویرے کیسے کھل جاتی تھی؟** |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: ہرا بھرا باغ دوسرا دن تاریخ:.................

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نئے الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں اور ان کے معنی جان سکیں۔

☆ فہم کی صلاحیت میں اضافہ ہو سکے۔

☆ سبق کا مفہوم جاننے کے بعد پوچھے گئے سوالات کے زبانی جوابات دے سکیں۔

☆ بھاری الفاظ کی پہچان کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | قبل از مطالعہ | صفحہ نمبر 6 کے نئے الفاظ کی پڑھائی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائی جائے۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ جن الفاظ کی تصویروں کو ظاہر کیا جا سکتا ہے ان کی تصاویر بھی دکھائیں۔ (**مہکتا۔ خوشبو۔ درخت۔ چھتّا۔ گھونسلے۔ پرندے۔ فوارہ۔ منڈلاتی۔ بھینی۔ سرخ۔ گلاب**) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | **☆ سرگرمی: معلمہ دو دو طلبا کے جوڑے بنائیں۔ ایک بچہ پڑھائی میں اچھا اور ایک کمزور ہو۔ اور دونوں مل کر صفحہ 6 کی پڑھائی کریں۔ اس دوران باقی تمام طلبا اپنی توجہ کتاب پر مرکوز رکھیں اور طلبا ان الفاظ کو خط کشید کریں جن کو پڑھنے میں بچوں کے جوڑے کو دشواری ہو۔ پڑھائی کے بعد معلمہ تمام طلبا سے ان کے خط کشیدہ الفاظ پوچھ کر تختہ لکھائی پر لکھیں۔ اور تمام الفاظ کی تین تین بار پڑھائی کی مشق کروائیں۔** |
| سماعت و زبانی | ۱۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **پڑھائی کے بعد معلمہ چند طلبا سے سبق کے بارے میں چھوٹے چھوٹے سوالات بھی کریں تا کہ طلبا کے فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔** |
| زبانی | ۱۰ منٹ | تعارف | **☆ بھاری الفاظ کی پہچان اور بناوٹ سکھانے کے لیے معلمہ تختہ لکھائی پر پہلے۔ ب۔ پ۔ ت۔ ٹ۔ ج۔ چ۔ د۔ ڈ۔ ک۔ گ کی 'ھ' سے دوستی کروا کر الفاظ بنانا سکھائیں۔ معلمہ چند الفاظ تختہ لکھائی پر لکھیں (مثلاً: گھوڑا، پانی، چاند، جھاڑو، گھاس، درخت، کھودا، چوہا) اور طلبا سے پوچھیں گی کہ ان میں سے کون کون سے الفاظ "بھاری الفاظ" کہلاتے ہیں۔ معلمہ ان الفاظ کے گرد دائرہ بنائیں۔** |
| تحریری | ۱۵ منٹ | اعادہ | **☆ کتاب کا کام:**<br>**صفحہ نمبر 8 کی سرگرمی نمبر ۴ کتاب میں کریں۔** |
| تفویض کار | | | **دیئے گئے الفاظ کو نوٹ بک میں تین بار خوشخط لکھیں اور املا کے لئے تیاری کریں۔ املا اگلی جماعت میں لیا جائے گا۔ (صبح سویرے۔ صاف ستھرا۔ رنگ برنگے۔ چہچہانے۔ اونچے۔ مہکتا)** |

جماعت اوّل: اردو      ماہانہ منصوبہ بندی      دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: ہرا بھرا باغ      تیسرا دن      تاریخ:..................

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ الفاظ کو درست بناوٹ سے لکھنا سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ کے معنی جان سکیں۔

☆ الفاظ کا درست املا لکھ سکیں (املا کی مدد سے تحریری صلاحیت میں اضافہ ہو سکے)۔

☆ سبق کا مفہوم جاننے کے بعد سوالات کے از خود جوابات لکھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | ۵ منٹ | قبل از مطالعہ | صفحہ نمبر 7 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۲ کے الفاظ کی کتاب سے پڑھائی کروائی جائے اور تختہ لکھائی کی مدد سے ان الفاظ کی بناوٹ سکھائی جائے تاکہ طلبا الفاظ کو درست بناوٹ سے لکھنا سیکھ جائیں۔ |
| تحریری | ۱۰ منٹ | دوران مطالعہ | ☆ کتاب کا کام: صفحہ نمبر 7 کی سرگرمی نمبر ۳ کتاب میں کروائی جائے۔ |
| تحریری | ۱۵ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆ نوٹ بک کا کام: املا لیا جائے۔ |
| تحریری | ۳۰ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆ نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 9 کی سرگرمی ۷ کا س ۳۔ ۴ اور ۵ نوٹ بک میں کریں۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 6 پڑھیں اور صفحہ نمبر 8 کی سرگرمی نمبر ۵ کتاب میں کریں۔** |

جماعت اوّل: اردو      ماہانہ منصوبہ بندی      دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: ہرا بھرا باغ      چوتھا دن      تاریخ:..................

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ طلبا کی تخلیقی صلاحیت میں اضافہ ہو سکے۔

☆ اسم کی پہچان کا اعادہ کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی | ۱۰ منٹ | آمادگی | **جملہ سازی: معلمہ سبق میں سے چند الفاظ کا انتخاب کر کے طلبا سے زبانی جملہ سازی کی مشق کروائیں گی۔ معلمہ اپنا جملہ بتائیں گی اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں گی۔** |
| تحریری | ۳۰ منٹ | ریاضت | ☆ نوٹ بک کا کام: طلبا صفحہ نمبر 9 کی سرگرمی نمبر ۶ نوٹ بک میں کریں گے۔ طلبا کو جملے خود بنانے دیں۔ جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو صرف ان کی رہنمائی کی جائے۔ اگر طلبا کو کسی لفظ کے املا میں دشواری ہو تو معلمہ اس لفظ کا املا تختہ تحریر پر لکھ کر طلبا کی مدد کریں۔ (جملہ سازی) |
| تحریری | ۲۰ منٹ | ریاضت | اسم زبانی کا اعادہ کروانے کے بعد معلمہ طلبا کو ہدایت دیں کہ وہ اپنی جماعت کا جائزہ لیں اور چھ تا ۸ اسم کی فہرست اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 9 کی سرگرمی نمبر ۸ نوٹ بک میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دیس ہمارا پاکستان　پہلا دن　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ وطن کی اہمیت کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔

☆ نئے الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں اور ان کے معنی جان سکیں۔

☆ نظم کو ترنم سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ کا مفہوم جاننے کے بعد خالی جگہ مکمل کرنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵۔۸ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا کو پاکستان کا جھنڈا دکھائیں اور پوچھیں یہ کس ملک کا جھنڈا ہے؟ اس کا رنگ کیسا ہے؟ اس پر کیا بنا ہوا ہے؟ اس کے بعد معلمہ صفحہ نمبر 10 کی قبل از مطالعہ سرگرمی نمبر ا کا سوال طلبا سے زبانی پوچھیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ نظم کے صفحہ نمبر 10 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں گی اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (دیس، آنکھوں، قربان، پاکستان، خوشی، آرام، آزادی، ایمان) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ درست تلفظ اور ترنم سے طلبا کو نظم پڑھ کر سنائیں گی۔ اس کے بعد طلبا معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 10 سے نظم کو خوش الحانی سے پڑھیں۔ معلمہ اس کے بعد طلبا سے نظم کے بارے میں زبانی سوالات کریں تا کہ طلبا کے فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔<br>ہمارے دیس کا کیا نام ہے؟ ہماری شان کس سے ہے؟ وطن سے محبت کے لیے اس نظم میں کون کون سے الفاظ آئے ہیں؟ وطن کی ترقّی کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟ |
| تحریری | ۱۰۔۱۲ منٹ | دوران مطالعہ | ☆ **<u>کتاب کا کام:</u>** صفحہ نمبر 11 کی سرگرمی ۲ کتاب میں کروائی جائے۔ (الفاظ معنی) |
| تحریری | ۱۰۔۱۲ منٹ | دوران مطالعہ | ☆ **<u>کتاب کا کام:</u>** صفحہ نمبر 11 کی سرگرمی ۳ کتاب میں کروائی جائے۔ (خالی جگہ) |
| تفویض کار | | | **نظم "دیس ہمارا پاکستان" کی پڑھائی کریں اور نظم میں سے پانچ ایسے الفاظ تلاش کر کے نوٹ بک میں لکھیں جو کہ چار حروف سے مل کر بنے ہیں۔ مثلاً: خوشی** |

**جماعت اوّل: اردو       ماہانہ منصوبہ بندی       دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دیس ہمارا پاکستان   دوسرا دن        تاریخ:.................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ پاکستان کی قومی چیزوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔

☆ نئے الفاظ اور ان کے معنی کا اعادہ کر سکیں۔

☆ نظم کو ترنم کے ساتھ کورس میں پڑھنا سیکھ سکیں اور زبانی یاد کر سکیں۔

☆ نظم کا مفہوم جاننے کے بعد سوالات کے جوابات لکھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵۔۸ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا کو پاکستان کی قومی چیزوں کی تصاویر دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ (قومی چیزوں کی تختہ نرم پر بھی نمائش کی جا سکتی ہے۔) |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ نظم کے صفحہ نمبر 11 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ ایک یا دو الفاظ کے کارڈز غائب کر دیں اور طلبا کی یادداشت کا جائزہ لینے کے لیے ان سے پوچھیں کہ کون سا لفظ موجود نہیں ہے۔ (دیس، آنکھوں، قربان، پاکستان، خوشی، آرام، آزادی، ایمان) |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | بلند خوانی | معلمہ طلبا کے گروپس بنائیں۔ اور ہر گروپ باری باری نظم کو ترنم کے ساتھ پڑھ کر سنائے۔ سارا گروپ کورس میں نظم پڑھے پھر دوسرے گروپ کی باری آئے۔ |
| تحریری | ۲۰۔۲۵ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆**نوٹ بک کا کام:** صفحہ نمبر 12 کی سرگرمی ۵ نوٹ بک میں کروائی جائے۔ (سوال جواب) |
| تفویض کار | | | **نظم "دیس ہمارا پاکستان" زبانی یاد کریں۔ اور صفحہ نمبر 13 کی سرگرمی نمبر ۶ کتاب میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو        ماہانہ منصوبہ بندی        دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دیس ہمارا پاکستان        تیسرا دن        تاریخ: ..................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ تخلیقی صلاحیت میں اضافہ ہو سکے۔

☆ ہم قافیہ الفاظ کی پہچان کر سکیں اور ہم قافیہ الفاظ بنانا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵۔۸ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا سے پاکستان کی قومی چیزوں کا اعادہ کروائیں۔ ان کے نام پوچھیں اور جواب دینے پر تصویر بھی دکھائیں۔ ہمارا قومی لباس کون سا ہے؟ قومی پھل کا نام بتائیں۔ ہمارا قومی کھیل کون سا ہے؟ پاکستان کے قومی پرندے کا نام بتائیں۔ وغیرہ وغیرہ |
| پڑھائی | ۵ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ نظم کے صفحہ نمبر 11 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ (دیس، آنکھوں، قربان، پاکستان، خوشی، آرام، آزادی، ایمان) |
| زبانی | ۱۰ منٹ | ریاضت | معلمہ سبق میں سے چند الفاظ کا انتخاب کر کے طلبا سے زبانی جملہ سازی کی مشق کروائیں گی۔ معلمہ اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں۔ اس طرح کی سرگرمی سے طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں گے۔ |
| تحریری | ۲۰۔۲۵ منٹ | آزمائش | ☆**<u>نوٹ بک کا کام:</u>** صفحہ نمبر 12 کی سرگرمی ۴ نوٹ بک میں کروائی جائے۔ (جملہ سازی) طلبا اپنے جملے خود لکھیں گے۔ معلمہ املا میں طلبا کی مدد کریں۔ |
| زبانی | ۱۰ منٹ | تعارف | معلمہ ہم قافیہ الفاظ سمجھانے کے لیے طلبا سے پوچھیں کہ نظم میں ایسے کون سے الفاظ ہیں جن کے آخر کی آواز لفظ "شان" سے ملتی جلتی ہے؟ طلبا کے جوابات کو معلمہ تختہ لکھائی پر لکھیں۔ اس کے بعد معلمہ طلبا کو بتائیں کہ ایسے الفاظوں کو "ہم قافیہ الفاظ" کہا جاتا ہے۔ مزید مشق کے لیے معلمہ چند مزید الفاظ کے ہم قافیہ الفاظ طلبا سے زبانی پوچھیں۔ |
| تفویض کار | | | **پاکستان کے بارے میں معلوماتی جدول نوٹ بک میں مکمل کریں۔ (نمونہ موجود ہے) اور پاکستان سے متعلق کسی بھی ایک چیز کی تصویر لائیں۔ مثلاً: دریاؤں کی تصویر، اہم مقامات کی تصویر، رہنماؤں کی تصویر، قومی پرندہ، قومی کھیل، قومی لباس وغیرہ** |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: دیس ہمارا پاکستان　　چوتھا دن　　تاریخ:--------------------

مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛

☆ جال کی مدد سے پاکستان کے بارے میں معلوماتی عبارت لکھنا سیکھ سکیں (تخلیقی صلاحیت میں اضافہ ہو سکے گا)۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| زبانی | ۸۔۱۰ منٹ | قبل از تحریر | معلمہ صفحہ نمبر 14 پر دیئے گئے جال کے بارے میں طلبا سے سوالات پوچھیں۔<br>پاکستان اسلامی ملک کیوں کہلاتا ہے؟ پاکستان کس تاریخ اور مہینے میں وجود میں آیا تھا؟ اس کے بانی کون ہیں؟ پاکستان کے کتنے صوبے ہیں؟ ان کے نام بتائیں۔ پاکستان کا جھنڈا کیسا ہے؟ ہماری قومی زبان کون سی ہے؟ کون کون سی چیزیں پاکستان کی خوبصورتی میں اضافہ کرتی ہیں؟ |
| تحریری | ۴۰۔۴۵ منٹ | دوران تحریر | طلبا صفحہ نمبر 14 پر دیئے گئے معلوماتی جال کی مدد سے "پاکستان" کے بارے میں عبارت نوٹ بک میں لکھیں۔<br>معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور کمزور طلبا کی مدد کریں۔ عبارت لکھنے کے بعد بچے اپنے ساتھ لائی گئی تصاویر اپنی عبارت کے ساتھ نوٹ بک میں چسپاں کریں۔ |
| زبانی | ۱۰ منٹ | بعد از تحریر | تحریری سرگرمی مکمل ہونے کے بعد معلمہ جماعت میں سے تین بہترین تحریروں کا انتخاب کریں۔ اور وہ بچّے اپنی عبارت با آواز بلند جماعت کے دیگر طلبا کو پڑھ کر سنائیں۔ اس طرح بچوں کی حوصلہ افزائی بھی ہو گی اور دوسرے طلبا بھی عبارت لکھنے کا درست طریقہ جان لیں گے۔ |
| تفویض کار | | ان الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ (آرام، قربان، خوشی، آزادی، ایمان) | |

**پاکستان کے بارے میں معلوماتی جدول مکمل کریں۔**

| | | |
|---|---|---|
| 1 | وطن کا پورا نام | |
| 2 | آزادی کی تاریخ | |
| 3 | بانیٔ پاکستان | |
| 4 | قومی شاعر | |
| 5 | صوبوں کے نام | |
| 6 | چار مشہور شہروں کے نام | |
| 7 | مشہور دریاؤں کے نام | |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دیس ہمارا پاکستان　　پانچواں دن　　تاریخ:-----------------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ہم قافیہ الفاظ بنانا سیکھ سکیں۔

☆الفاظ کا املا تحریر کر سکیں (املا کی مدد سے تحریری صلاحیت میں اضافہ ہو سکے گا)۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | ۱۵۔۲۰ منٹ | ریاضت | ☆**نوٹ بک کا کام:** صفحہ نمبر 13 کی سرگرمی ۷ نوٹ بک میں کروائی جائے۔(ہم قافیہ الفاظ) |
| تحریری | ۱۵۔۲۰ منٹ | آزمائش | معلمہ املا کے الفاظ کا تختہ لکھائی سے اعادہ کروائیں۔ اس کے بعد معلمہ الفاظ بولیں۔ طلبا لفظ سن کر اس کا درست املا نوٹ بک میں لکھیں۔ |
| زبانی | ۱۰۔۱۵ منٹ | آزمائش | معلمہ چند طلبا سے نظم زبانی سنیں۔ |
| تفویض کار | | **دیئے گئے الفاظ کے دو دو ہم قافیہ الفاظ نوٹ بک میں لکھیں۔(پانی، تارا، مور، دانا)** | |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ

**سبق: بچوں کا اقبال　　پہلا دن　　تاریخ:...............**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ علامہ اقبال کے بارے میں چند اہم معلومات حاصل کر سکیں (فہم میں اضافہ ہو گا)۔

☆ نئے الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ کے معنی اور جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ علامہ اقبال کی چند مشہور نظموں کے نام جان سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰۔۱۲ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا کے ساتھ مل کر علامہ اقبال کی نظم "لب پہ آتی ہے دعا" پڑھیں۔ معلمہ طلبا سے پوچھیں کہ کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ نظم کس نے لکھی ہے؟ معلمہ طلبا کو علامہ اقبال کی تصویر دکھائیں۔ اور ان کے بارے میں چند اہم معلومات دیں۔ مثلاً علامہ اقبال نے پاکستان بنانے کا خواب دیکھا تھا۔ ہمارے لیے ایک آزاد وطن حاصل کرنے میں قائد اعظم کا ساتھ دیا۔ بچوں سے علامہ اقبال کو بہت محبت تھی انھوں نے بچوں کے لیے نظمیں بھی لکھیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 15 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز/ تختہ نرم/ تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (مشہور، شاعر، سیالکوٹ، شیخ نور، والد، انسان، چاہتے، ترقّی، شاعری، مسلمانوں، محبت، جذبہ) |
| پڑھائی | ۱۵۔۲۰ منٹ | دورانِ مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 15 کی بلند خوانی کریں۔<br>دورانِ مطالعہ معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س۱۔ علامہ اقبال کون تھے؟ س۲: علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟ س۳: علامہ اقبال کے والد کا کیا نام تھا؟<br>س۴: مسلمانوں کے لیے علامہ اقبال کی کیا خواہش تھی؟ س۵: علامہ اقبال کی شاعری سے مسلمانوں کو کیا فائدہ ہوا؟ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **☆ کتاب کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 15 کا خاموش مطالعہ کریں اور صفحہ نمبر 18 کی سرگرمی نمبر ۹ کتاب میں کریں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 15 کی پڑھائی کریں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔**<br>**س۱: علامہ اقبال کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ س۲: ان کے والد کا کیا نام تھا؟ س۳: مسلمانوں کے لیے کیا علامہ اقبال کی کیا خواہش تھی؟** |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ

**سبق: بچّوں کا اقبال**　　دوسرا دن　　تاریخ:________________

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆علامہ اقبال کی چند مشہور نظموں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں (فہم میں اضافہ ہو گا)۔

☆ نئے الفاظ درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆الفاظ کے معنی اور جملوں میں استعمال کی زبانی مشق کر سکیں۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰۔۱۲ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا سے علامہ اقبال کی چند مشہور نظموں اور ان کے ذریعے دیئے گئے اہم پیغام کے حوالے سے گفتگو کریں۔<br>۱: پہاڑ اور گلہری:<br>س ۲: گائے اور بکری:<br>۳: پرندے کی فریاد:<br>۴: ہمدردی: |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 15 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ جن الفاظ کی تصویروں کو ظاہر کیا جا سکتا ہے ان کی تصاویر بھی دکھائیں۔ (ملک و قوم، خدمت، شاہین، پرندہ، اُونچائی، مقام، دلچسپ، سبق آموز، پہاڑ، گلہری، فریاد، ہمدردی، نظمیں) |
| پڑھائی | ۱۵۔۲۰ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 16 کی بلند خوانی کریں۔<br>دورانِ مطالعہ معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س ۱۔ علامہ اقبال کو بچّوں سے کیوں محبت تھی؟ س ۲: علامہ اقبال کی شاعری میں کس پرندے کا ذکر ہے؟ س ۳: شاہین کی خاص بات کیا ہے؟ س ۴: علامہ اقبال کی چند مشہور نظموں کے نام بتائیں۔ س ۵: بچّے علامہ اقبال کی نظمیں کیوں شوق سے پڑھتے ہیں؟ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | دوران مطالعہ | ☆**کتاب کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 17 کی سرگرمی نمبر ۳ کتاب میں کریں۔ (معلمہ لفظ بولیں اور طلبا دوسرے کالم میں سے اس لفظ کا معنی تلاش کر کے جواب دیں۔ اس کے بعد طلبا یہ سرگرمی کتاب میں کریں۔)<br>☆**کتاب کا کام:** اس کے بعد طلبا صفحہ نمبر 18 کی سرگرمی ۴ کتاب میں کریں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 16 کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 19 کی سرگرمی ۷ کتاب میں کریں۔ |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: بچوں کا اقبال تیسرا دن تاریخ:..................

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ بصری الفاظ کا اعادہ کر سکیں۔ ☆ ذخیرہ الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ تخلیقی لکھائی اور جملہ سازی کی مہارت میں اضافہ ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | ۱۰۔۱۵ منٹ | ریاضت | معلمہ تختہ نرم سے سبق کے الفاظ کا اعادہ کروائیں۔ اس کے بعد باری باری پڑھائی میں کمزور چند طلبا کو تختہ نرم کے قریب بلا کر پوچھیں کہ ان کو کون کون سے الفاظ پڑھنے میں مشکل لگتے ہیں۔ معلمہ طلبا کے بتائے ہوئے ان الفاظ کی تین تین بار دہرائی کروائیں۔ |
| تحریری | ۴۰۔۴۵ منٹ | جملہ سازی | ☆**نوٹ بک کا کام:** معلمہ صفحہ نمبر 18 کی سرگرمی نمبر ۵ کے الفاظ کی طلبا سے زبانی جملہ سازی کی مشق کروائیں۔ معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تاکہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆ اب طلبا سرگرمی ۵ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆ اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تاکہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: بچوں کا اقبال چوتھا دن تاریخ:..................

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ جال کی مدد سے علامہ اقبال کے بارے میں معلوماتی جملے لکھنا سیکھ سکیں۔

☆ تخلیقی صلاحیت میں اضافہ ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| زبانی | ۸۔۱۰ منٹ | قبل از تحریر | معلمہ طلبا سے علامہ اقبال کے بارے میں مختلف سوالات پوچھیں۔ اور طلبا کے جوابات کی مدد سے تختہ لکھائی پر معلوماتی جال بنائیں۔<br>ہمارے قومی شاعر کون ہیں؟ علامہ اقبال کہاں پیدا ہوئے؟ ان کے والد کا کیا نام تھا؟ علامہ اقبال نے اپنی شاعری کے ذریعے کیا اہم کام کیا؟ علامہ اقبال نے بچوں کے لیے کیا خدمات انجام دیں؟ مشہور نظموں کے نام بتائیں۔ |
| تحریری | ۴۰۔۴۵ منٹ | دوران تحریر | ☆**نوٹ بک کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 20 کی سرگرمی ۱۰ نوٹ بک میں کریں۔ تختہ لکھائی پر بنائے گئے معلوماتی جال کی مدد سے "علامہ اقبال" کے بارے میں ۵ تا ۶ جملے لکھیں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور کمزور طلبا کی مدد کریں۔ اگر طلبا کو الفاظ کے املا میں دشواری ہو تو معلمہ ان الفاظ کو تختہ لکھائی پر لکھ دیں۔ |
| زبانی | ۱۰ منٹ | بعد از تحریر | تحریری سرگرمی مکمل ہونے کے بعد معلمہ جماعت میں سے تین بہترین تحریروں کا انتخاب کریں۔ اور وہ بچّے اپنی تحریر باآواز بلند جماعت کے دیگر طلبا کو پڑھ کر سنائیں۔ اس طرح بچوں کی حوصلہ افزائی بھی ہو گی اور دوسرے طلبا بھی جملے لکھنے کا درست طریقہ جان لیں گے۔ |
| تفویض کار | | | **دیئے گئے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔** (خدمت، شاہین، اُونچائی، مقام، دلچسپ، سبق آموز، نظمیں) |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: بچّوں کا اقبال پانچواں دن تاریخ: ----------------

مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛

☆ الفاظ کے املا میں بہتری آ سکے اور اس کی مدد سے تحریری صلاحیت میں اضافہ ہو سکے۔

☆ 'ہ' کی مختلف شکلوں کے بارے میں جان سکیں۔

☆ تخلیقی لکھائی اور جملہ سازی کی مہارت میں اضافہ ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | ۱۰-۱۵ منٹ | آزمائشی سرگرمی | معلمہ تختہ لکھائی کی مدد سے املا کے لیے دیئے گئے الفاظ کا اعادہ کروائیں۔ اس کے بعد جماعت میں املا کا مقابلہ کروائیں۔<br>۱: جماعت کے بچوں کو دو ٹیموں میں بانٹ دیں۔ تختہ لکھائی پر دو کالم بنائیں۔ ایک پر 'ٹیم الف' اور دوسرے پر 'ٹیم ب' لکھیں۔<br>۲: باری باری ہر ٹیم سے ایک ایک بچہ بلائیں۔ اب معلمہ لفظ بولیں اور باری باری دونوں ٹیموں سے لکھوائیں۔<br>۳: جیتنے والی ٹیم کو اسٹار دیں۔ املا کی سرگرمی کے اختتام کے بعد جس ٹیم کے زیادہ اسٹار ہوں گے وہ جیت جائے گی۔ |
| بصری | ۱۰ منٹ | تعارف | معلمہ صفحہ نمبر 17 کی سرگرمی نمبر ۲ سمجھائیں۔ طلبا کو تختہ لکھائی کی مدد سے 'ہ' کی مختلف شکلوں کے بارے میں بتائیں کہ کس طرح مختلف حروف کے ساتھ مل کر 'ہ' کی شکل تبدیل ہو جاتی ہے۔ اس کے بعد طلبا سبق میں سے 'ہ' کے الفاظ تلاش کر کے معلمہ کو بتائیں اور معلمہ ان الفاظ کو تختہ لکھائی پر لکھ کر ان کی بناوٹ سکھائیں۔ |
| تحریری | ۳۰-۳۵ منٹ | جملہ سازی | ☆ **نوٹ بک کا کام:** معلمہ صفحہ نمبر 17 کی سرگرمی نمبر ۲ کروائیں۔ (جدول کی مدد سے جملہ سازی)<br>معلمہ پہلے تختہ لکھائی پر جدول کی مدد سے جملے بنانے کا طریقہ کار سکھائیں۔ طلبا کو بتائیں کہ ان کو ہر کالم سے ایک ایک لفظ کا انتخاب کر کے جملہ مکمل کرنا ہے۔ دو جملے تختہ لکھائی کی مدد سے بتائیں باقی جملے طلبا کو خود بنانے دیں۔<br>تحریری سرگرمی کے دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور کمزور طلبا کی مدد کریں۔ |
| تفویض کار | | صفحہ نمبر 17 کی سرگرمی نمبر ۲ نوٹ بک میں کریں۔ | |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: ٹریفک کے اشارے　　پہلا دن　　تاریخ:.----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ٹریفک سگنل پر لگی بتیوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں (فہم میں اضافہ ہو گا)۔

☆ نئے الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی جان سکیں اور جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنا اور سمجھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵۔۸ منٹ | آمادگی | ☆معلمہ طلبا سے صفحہ نمبر 15 کی قبل از مطالعہ سرگرمی نمبر ا کے سوالات زبانی پوچھیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 21 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز ر تختہ نرم ر تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (ارادہ، اتوار، بازار، روانہ، ٹریفک، اشاروں، بے دھیانی) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 21 کی بلند خوانی کریں۔<br>دورانِ پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س ا۔ ابو اور بلال کہاں جارہے تھے؟ س ۲: ٹریفک کی بتیاں کہاں لگی ہوئی تھیں؟ س ۳: ابو نے سرخ بتی کا نشان کیوں نہیں دیکھا تھا؟ س ۴: بلال نے اپنے ابو سے کیا کہا؟ |
| تحریری | ۳۰ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆**نوٹ بک کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 21 کا خاموش مطالعہ کریں اور دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔<br>س ا۔ ابو اور بلال کہاں جارہے تھے؟ س ۲: ٹریفک کی بتیاں کہاں لگی ہوئی تھیں؟ س ۳: ابو نے سرخ بتی کا نشان کیوں نہیں دیکھا تھا؟<br>اس دوران معلمہ طلبا کے کام کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 21 کی پڑھائی کریں اور اس صفحے پر موجود پانچ اسم تلاش کر کے اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: ٹریفک کے اشارے　　دوسرا دن　　تاریخ:--------------------

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ٹریفک کے اصولوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں (فہم میں اضافہ ہو گا)۔

☆ نئے الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی جان سکیں اور جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنا اور سمجھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
| --- | --- | --- | --- |
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰۔۱۲ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا کے ساتھ مل کر نظم "جلتی بجھتی بتیوں کا کھیل" درست تلفظ اور تاثرات کے ساتھ پڑھیں۔ اس کے بعد نظم کے بارے میں سوالات پوچھیں تاکہ طلبا نظم کا مرکزی خیال اور مفہوم سمجھ لیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 22 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (بالکل، ٹھیک، غلطی، مسکراتے، میدان، کوشش، پٹیاں، دائیں، بائیں، زیبرا کراسنگ) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 22 کی بلند خوانی کریں۔<br>دوران پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س ۱۔ اتوار بازار کہاں تھا؟ س ۲: ابو نے بلال کا ہاتھ پکڑ کر کیوں روکا تھا؟ س ۳: سڑک پر کون سی پٹیاں تھیں؟<br>س ۴: سڑک پار کرنے سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟ س ۵: کالی پیلی پٹیوں کو کیا کہتے ہیں؟ |
| تحریری | ۲۰۔۲۵ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆**کتاب کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 24 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۲ کتاب میں کریں۔ معلمہ تختہ لکھائی کی مدد سے طلبا کو اس سرگرمی کو حل کرنے کا طریقہ کار سمجھائیں۔ سب سے پہلے اوپر سے نیچے کے الفاظ مکمل کروائیں اس کے بعد دائیں سے بائیں اشاروں کے الفاظ مکمل کروائیں۔<br>اس دوران معلمہ طلبا کے کام کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 22 کی پڑھائی کریں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔<br>س ۱۔ اتوار بازار کہاں تھا؟ س ۲: سڑک پار کرنے سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟ س ۳: سڑک پر موجود کالی پیلی پٹیوں کو کیا کہتے ہیں؟ |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: ٹریفک کے اشارے　　تیسرا دن　　تاریخ: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ نئے الفاظ پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی جان سکیں اور جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنا اور سمجھنا سیکھ سکیں۔

☆ فہم میں اضافہ ہو سکے۔

☆ ٹریفک قوانین کے بارے میں حاصل کی گئی معلومات کا اعادہ کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 23 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (دائرے، نوپارکنگ، قریب، عمارت، ہارن،، مریضوں، آرام، موجود، رہنمائی، عمل، حادثات، محفوظ، داخل) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 23 کی بلند خوانی کریں۔<br>دوران پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س ۱۔ گول دائرے کے اندر کون سا نشان تھا؟ س ۲: اتوار بازار کے قریب کون سی عمارت تھی؟ س ۳: اسپتال کی عمارت کے پاس بلال نے کون سا نشان دیکھا؟ س ۴: شہر میں ٹریفک کے نشانات کیوں لگائے جاتے ہیں؟ |
| تحریری | ۲۰۔۲۵ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆**<u>کتاب کا کام:</u>** طلبا صفحہ نمبر 26 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۵ کتاب میں کریں۔ معلمہ طلبا سے ہر تصویر کے بارے میں باری باری گفتگو کریں۔ طلبا و طالبات کو ہر تصویر کو بغور دیکھنے کا قوت دیں۔ بچوں سے تبادلہ خیال کریں کہ تصویر میں کیا ہو رہا ہے؟ کیا یہ کرنا صحیح ہے؟ یہ باتیں بچوں کو آسان الفاظ میں سمجھائیں۔ اس کے بعد طلبا ہر تصویر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں کہ اس میں کیا غلط ہو رہا ہے۔<br>اس دوران معلمہ طلبا کے کام کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | دیئے گئے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ املا اگلے ہفتے لیا جائے گا۔ (ارادہ، اتوار، روانہ، عمارت، آرام، محفوظ) |

جماعت اوّل:اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

**سبق:ٹریفک کے اشارے چوتھا دن تاریخ:----------------**

**مقاصد:اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆بصری الفاظ کا اعادہ کر سکیں۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆سوالات کے جوابات از خود تلاش کر کے لکھنا سیکھ سکیں۔

☆فہم میں اضافہ ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | ۳۰منٹ | بلند خوانی | ☆**سرگرمی:** معلمہ دو دو طلبا کے جوڑے بنائیں۔ایک بچہ پڑھائی میں اچھا اور ایک کمزور ہو۔اور دونوں مل کر سبق کی پڑھائی کریں۔ہر جوڑے سے تین تا چار سطور کی پڑھائی کروائیں۔اس دوران باقی تمام طلبا اپنی توجہ کتاب پر مرکوز رکھیں اور طلبا ان الفاظ کو خط کشید کریں جن کو پڑھنے میں بچوں کے جوڑے کو دشواری ہو۔پڑھائی کے بعد معلمہ تمام طلبا سے ان کے خط کشیدہ الفاظ پوچھ کر تختہ لکھائی پر لکھیں۔اور تمام الفاظ کی تین تین بار پڑھائی کی مشق کروائیں۔ |
| تحریری | ۳۰منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 23 کا خاموش مطالعہ کریں اور دیئے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھیں۔<br>س ا۔ گول دائرے کے اندر کون سا نشان تھا؟س ۲:اسپتال کی عمارت کے پاس کون سا نشان تھا؟س ۳:شہر میں ٹریفک کے نشانات کیوں لگائے جاتے ہیں؟<br>اس دوران معلمہ طلبا کے کام کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | صفحہ نمبر 25 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۳ کتاب میں کریں۔ | |

جماعت اوّل:اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق:ٹریفک کے اشارے پانچواں دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد:اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ الفاظ کے املا کا اعادہ کر سکیں۔

☆ نئے ذخیرہ الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقۂ کار |
|---|---|---|---|
| تحریر | ۱۵ منٹ | اعادہ | املا کے الفاظ تختہ لکھائی پر لکھ کر پڑھائیں۔ الفاظ کو لکھا رہنے دیں۔<br>اب معلمہ لفظ بولیں اور طلبا سن کر لکھیں۔ لفظ بولتے وقت تختہ لکھائی پر لکھے ہوئے الفاظ کی ترتیب سے لفظ نہ بولیں۔ مثلاً تختہ لکھائی پر جو لفظ چوتھے نمبر پر لکھا ہے وہ پہلے بولیں۔<br>اس سرگرمی میں بچے تختہ لکھائی سے دیکھ کر لفظ لکھ سکتے ہیں۔ اس طرح صرف وہی بچے لفظ لکھ سکیں گے جو لفظ پڑھ سکتے ہیں۔ |
| تحریر | ۴۵ منٹ | اعادہ | **سرگرمی:وقت کی دوڑ:** معلمہ جملہ سازی کی سرگرمی کے لیے دیئے گئے نمونے کے مطابق چھوٹے چھوٹے کارڈز بنالیں۔ کتاب میں دیئے گئے جملوں کا آدھا حصہ ایک کارڈ میں اور دوسرا حصہ دوسرے کارڈ میں لکھیں۔ اس طرح بہت سارے جملوں کے کارڈز بنالیں۔ (نمونہ ساتھ موجود ہے۔)<br>۲:اب طلبا کے چھوٹے چھوٹے گروپ بنائیں۔ اور ہر گروپ کو کارڈز دے دیں۔ بچے جملے کے دونوں حصوں کو تلاش کر کے جملہ مکمل کریں گے اور اپنی نوٹ بک میں لکھیں گے۔<br>۳:اس سرگرمی کے لیے بچوں کو مقرر کردہ وقت دیا جائے۔ جو گروپ مقررہ وقت میں سب سے زیادہ جملے لکھے گا اس کو حوصلہ افزائی کے لیے اسٹار / عمدہ کاوش / شاباش کا ٹوکن دیں۔ |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 26 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۶ کے مطابق کتابچہ تیار کریں۔ |

جانے کا ارادہ کیا۔

ابو اور بلال نے اتوار بازار

گاڑی آگے بڑھا دی۔

ابو نے بے دھیانی میں

دائیں بائیں دیکھنا چاہیے۔

سڑک پار کرنے سے پہلے

اسپتال کی عمارت تھی۔

اتوار بازار کے قریب ہی

کا خیال رکھنا چاہیے۔

ہمیں مریضوں کے آرام

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دعوت پہلا دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ خاندانی رشتوں کا تعارف حاصل کرنا اور ان کی اہمیت کے بارے میں جاننا۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے میں مہارت حاصل کر سکیں۔

☆ الفاظ کے معنی سیکھنا اور اور جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کرنا سیکھ سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ سبق کو سمجھ کر پڑھنے کے بعد سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰۔۱۲ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا کے ساتھ مل کر نظم ترنم سے پڑھیں۔ "امی ابو دادی جان۔ رکھتے ہیں اپنی پہچان"<br>اس کے بعد معلمہ طلبا سے ان کے رشتے داروں کے حوالے سے گفتگو کریں۔ آپ کی گھر میں کون کون رہتا ہے؟ ان سے آپ کا کیا رشتہ ہے؟ کیا آپکے گھر مہمانوں کی دعوت ہوئی تھی؟ دعوت سے پہلے امی نے کیا کیا تیاریاں کی تھیں؟<br>قبل از مطالعہ کی سرگرمی اکا سوال زبانی پوچھیں۔ بچے اپنی رائے کا اظہار کریں۔ معلمہ بچوں کی حوصلہ افزائی کریں تا کہ ان کی خود اعتمادی میں اضافہ ہو۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 27 اور 28 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں ('کھانے کا انتظام کیا ہوا ہے' تک کی پڑھائی کروائیں۔)۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (جماعت، چہل پہل، قرآن پاک، شروع، انھوں، رشتے داروں، دعوت، صفائی، مصروف، بیٹھک، مہمانوں، انتظام) |
| پڑھائی | ۱۵۔۲۰ منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ چند طلبا و طالبات سے صفحہ نمبر 27 اور 28 کی بلند خوانی کروائیں ('کھانے کا انتظام کیا ہوا ہے' تک کی پڑھائی کروائیں۔)۔ سب سے پہلے ان بچوں سے پڑھائی کروائی جائے جو پڑھائی میں اچھے ہوں۔ معلمہ دیگر تمام بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس دوران غور سے سنیں اور اپنی نظریں کتاب پر مرکوز رکھیں۔<br>دورانِ مطالعہ معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س ا۔ بلال کس جماعت کا طالب علم تھا؟ س ۲: بلال کیوں خوش تھا؟ س ۳: بلال کو قرآن پاک کون پڑھا رہا تھا؟ س ۴: بلال کی دادی نے دعوت میں کس کس کو بلایا تھا؟ س ۵: چچی جان بلال کے لیے کیا لائی تھیں؟ س ۶: گھر کی صفائی کون کر رہا تھا؟ س ۷: ابو نے مہمانوں کے بیٹھنے کا کہاں انتظام کیا تھا؟ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆<u>**نوٹ بک کا کام:**</u> طلبا صفحہ نمبر 27 کا خاموش مطالعہ کریں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔<br>اس دوران معلمہ جماعت کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>س ا: بلال کیوں خوش تھا؟ س ۲: دادی جان نے دعوت میں کس کس کو بلایا تھا؟ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 27 کی پڑھائی کریں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔**<br>**س ا: بلال کس جماعت میں پڑھتا تھا؟ س ۲: بلال کے گھر میں چہل پہل کیوں تھی؟ س ۳: بلال کو قرآن پاک کو کون پڑھائے گا؟** |

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دعوت دوسرا دن تاریخ: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ اسلام میں خاندانی رشتوں کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے میں مہارت حاصل کرنا سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ معنی اور اور جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کرنا سیکھ سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ ذخیرہ الفاظ کی مدد سے خالی جگہ مکمل کرنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | **رشتے داروں کی اہمیت کے حوالے سے گفتگو کریں اور حدیث سنائیں اور تبادلہ خیال کریں۔(رشتے داروں سے تعلقات قائم رکھنا اور ان کو جوڑے رکھنا اللہ تعالی کو پسند ہے۔)** |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 28 کا بقیہ حصہ اور 29 صفحہ پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ **(آمد، سلسلہ، ممانی، پھوپھی زاد، تحفہ، داخل، دہی بھلے، خواتین، تقریب، آغاز)** |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ چند بچوں سے باری باری صفحہ نمبر 28 اور 29 کی چند سطور کی بلند خوانی کروائیں۔ معلمہ دیگر تمام بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس دوران غور سے سنیں اور اپنی نظریں کتاب پر مرکوز رکھیں۔ پڑھائی کے دوران معلمہ زبانی سوالات بھی کریں۔ |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | بعد از مطالعہ | **کتاب کا کام:**<br>صفحہ نمبر 30 کی سرگرمی نمبر ۲ کتاب میں کرائی جائے گی۔<br>معلمہ بچوں سے باری باری الفاظ کے معنی پوچھیں اور بچوں سے یہ سرگرمی کتاب میں کروائیں۔ اس دوران معلمہ طلبا کے کام کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تحریری | ۱۵ منٹ | بعد از مطالعہ | **کتاب کا کام:**<br>صفحہ نمبر 30 کی سرگرمی نمبر ۳ کتاب میں کروائی جائے۔ معلمہ باری باری ایک ایک جملہ بچوں سے پڑھنے کے لیے کہیں اور ان سے درست لفظ پوچھیں اور خالی جگہ مکمل کروائیں۔ |
| تفویض کار | | | **سبق دعوت کا صفحہ نمبر 28 اور 29 کی پڑھائی کریں۔ صفحہ نمبر 31 کی سرگرمی نمبر ۵ کتاب میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو          ماہانہ منصوبہ بندی          دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دعوت          تیسرا دن          تاریخ:-----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ اسلام میں خاندانی رشتوں کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | **رشتے داروں کی اہمیت کے حوالے سے گفتگو کریں۔ آپ کے ارد گرد کون کون سے لوگ رہتے ہیں؟ آپ ان کی کس طرح مدد کرتے ہیں؟** |
| پڑھائی | ۲۰ منٹ | قبل از مطالعہ | ☆**سرگرمی:** معلمہ دو دو طلبا کے جوڑے بنائیں۔ ایک بچہ پڑھائی میں اچھا اور ایک کمزور ہو۔ اور دونوں مل کر صفحہ سبق کی پڑھائی کریں۔ ہر جوڑے سے تین تا چار سطور پڑھنے کے لیے کہیں۔ اس دوران باقی تمام بچے اپنی توجہ کتاب پر مرکوز رکھیں اور بچے ان الفاظ کو خط کشید کریں جن کو پڑھنے میں بچوں کے جوڑے کو دشواری ہو۔ پڑھائی کے بعد معلمہ تمام بچوں سے ان کے خط کشیدہ الفاظ پوچھ کر تختہ لکھائی پر لکھیں۔ اور ہر لفظ کی تین تین بار پڑھائی کی مشق کروائیں۔ |
| تحریری | ۳۵ منٹ | بعد از مطالعہ | نوٹ بک کا کام:<br>صفحہ نمبر 32 کی سرگرمی ۶ کا س ۱، ۲ اور ۳ کروایا جائے۔ معلمہ بچوں سے باری باری سوال پڑھنے کو کہیں اور ان سے زبانی جواب پوچھیں تاکہ بچوں کے فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔ اس کے بعد بچے ان سوالات کے جوابات اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ جوابات لکھنے کے دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | **سبق دعوت کے صفحہ نمبر 32 کی سرگرمی نمبر ۶ کا س ۴ اور ۵ نوٹ بک میں کریں۔** | |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دعوت　　چوتھا دن　　تاریخ:.................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆رشتے داروں کی پہچان کرنا سیکھ سکیں۔ ☆ارکان سازی کی مدد سے الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کرنا سیکھ سکیں۔

☆جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کرنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | **معلمہ بچوں سے رشتے داروں کے بارے میں پہیلی پوچھیں گی۔**<br>**۱: امی کی بہن کون ہیں؟ ۲: امی کے بھائی کون ہیں؟ ۳: ابو کی بہن کون ہیں؟ ۴: ابو کی ابو آپ کے کون ہیں؟ ۵: امی کی امی کون ہیں؟ ۶: ابو کے بڑے بھائی آپ کے کون ہیں؟ ۷: ابو کے چھوٹے بھائی آپ کے کون ہیں؟** |
| تحریری | ۲۰ منٹ | ریاضت | ارکان سازی کی مدد سے بچوں کو الفاظ کا املا سکھائیں۔ اس کے بعد جھٹ پٹ املا لیں۔<br>بے + ٹھک (بیٹھک) مص + روف (مصروف)، ان + ت + ظام (انتظام)، ن + ماز (نماز)، تھو + ڑی (تھوڑی)<br>معلمہ طلباء سے جھٹ پٹ املا لیں گی۔ (معلمہ الفاظ تختہ لکھائی پر لکھیں۔ طلبا اپنی یادداشت سے ان الفاظ کو لکھیں۔)<br>1۔ دیکھو: طلبا تختہ لکھائی پر لکھے گئے الفاظ کو بغور دیکھیں۔<br>2۔ پڑھو: طلبا ہر لفظ کو باری باری تین بار با آواز بلند پڑھیں۔<br>3۔ چھپاؤ: معلمہ الفاظ مٹا دیں۔<br>4۔ لکھو: طلبا اپنی یادداشت کی مدد سے ان الفاظ کو اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔<br>5۔ جانچو: معلمہ باری باری ہر لفظ کو تختہ لکھائی پر لکھیں اور طلبا اپنی نوٹ بک میں لکھے گئے الفاظ کی اصلاح کریں۔ |
| تحریری | ۳۵ منٹ | بعد از مطالعہ | **<u>نوٹ بک کا کام:</u>**<br>صفحہ نمبر 30 کی سرگرمی نمبر ۴ نوٹ بک میں کروائی جائے۔ (جملہ سازی)<br>☆معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تاکہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆اب طلبا سرگرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تاکہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 30 کی سرگرمی ۲ کے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ اور صفحہ نمبر 32 کی سرگرمی ۷ کتاب میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو          ماہانہ منصوبہ بندی          دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دعوت          پانچواں دن          تاریخ:________________**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ تخلیقی صلاحیت کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰ منٹ | قبل از تحریر | معلمہ بچوں سے ان کے گھر کے بارے میں مختلف سوالات پوچھیں۔ اور طلبا کے جوابات کی مدد سے تختہ لکھائی پر معلوماتی جال بنائیں۔ آپ کا گھر کہاں ہے؟ گھر کی عمارت کس رنگ کی ہے؟ گھر میں کتنے کمرے ہیں؟ کون کون سے کمرے ہیں؟ امی کھانا کہاں بناتی ہیں؟ |
| تحریری | ۴۰ منٹ | دوران تحریر | ☆**نوٹ بک کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 33 کی سرگرمی ۱۰ نوٹ بک میں کریں۔ تختہ لکھائی پر بنائے گئے معلوماتی جال کی مدد سے عنوان "میرا گھر" پر ۵ تا ۶ جملے لکھیں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور کمزور طلبا کی مدد کریں۔ اگر طلبا کو الفاظ کے املا میں دشواری ہو تو معلمہ ان الفاظ کو تختہ لکھائی پر لکھ دیں۔ |
| تحریری | ۱۰ منٹ | بعد از تحریر | تحریری سرگرمی مکمل ہونے کے بعد معلمہ جماعت میں سے تین بہترین تحریروں کا انتخاب کریں۔ اور وہ بچّے اپنی تحریر با آواز بلند جماعت کے دیگر طلبا کو پڑھ کر سنائیں۔ اس طرح بچوں کی حوصلہ افزائی بھی ہو گی اور دوسرے طلبا بھی جملے لکھنے کا درست طریقہ جان لیں گے۔ |
| تفویض کار | | | |

**جماعت اوّل: اردو          ماہانہ منصوبہ بندی          دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: دعوت          چھٹا دن          تاریخ:________________**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ املا کی مہارت پر عبور حاصل کرنا سیکھ سکیں۔ ☆ مذکر اور مونث کی پہچان کرنا سیکھ سکیں۔

☆ جملوں میں مذکر/مونث کے استعمال کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | ۱۰ منٹ | ریاضت | **املا لیا جائے گا۔ (صفحہ نمبر 30 کی سرگرمی ۲ کے الفاظ کا)** |
| زبانی | ۱۰ منٹ | تعارف | **مذکر مونث کی سرگرمی: معلمہ بچون کو مذکر اور مونث کا تعارف دیں۔** ۱: معلمہ پرچیوں پر مذکر الفاظ اور کچھ پرچیوں پر مونث الفاظ لکھیں۔ ۲: اب جماعت میں بچوں کے دو گروہ بنائیں۔ ایک گروہ میں مذکر الفاظ والی پرچیاں تقسیم کر دیں اور دوسرے گروہ میں مونث الفاظ والی پرچیاں تقسیم کریں۔ ۳: اب پہلے گروہ کا ایک بچہ اپنی پرچی پر لکھا ہوا مذکر لفظ با آواز بلند پڑھے گا اور دوسرے گروہ میں جس کے پاس اس کے مونث والی پرچی ہو گی وہ با آواز بلند اس کا مونث بتائے گا۔ |

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
| --- | --- | --- | --- |
| تحریری | ۲۰ منٹ | اعادہ | **نوٹ بک کا کام:** صفحہ 33 کی سرگرمی ۹ نوٹ بک میں کروائی جائے۔<br>معلمہ جملہ بولیں اور بچے اس کو مونث میں تبدیل کریں۔ اس کے بعد بچے نوٹ بک میں یہ سرگرمی کریں گے۔ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | | **لفظوں کی زنجیر: کھیل**<br>معلمہ بچوں کے ساتھ کھیل "لفظوں کی زنجیر" کھیلیں گی۔ مثلاً معلمہ تختہ تحریر پر لفظ "دعوت" لکھیں گی اور بچے اس کے آخری حرف یعنی "ت' سے شروع ہونے والا کوئی بھی لفظ بتائیں گے۔ معلمہ تختہ تحریر پر وہ لفظ لکھیں گی۔ اس طرح باری باری بچے ہر لفظ کے آخری حرف سے شروع ہونے والا لفظ بتائیں گے اور معلمہ لفظوں کی زنجیر بناتی جائیں گی۔ |
| تفویض کار | | صفحہ 33 کی سرگرمی ۸ نوٹ بک میں کریں۔ | |

**جماعت اوّل: اردو        ماہانہ منصوبہ بندی۔  دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: رنگوں کی دنیا   پہلا دن        تاریخ: ..............................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ گاؤں کی زندگی کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ الفاظ معنی اور جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ بصری پڑھائی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سبق کا مفہوم سمجھنے کے بعد سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰ منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں سے صفحہ 34 کی سرگرمی ا کے سوالات زبانی پوچھیں۔ معلمہ بچوں سے ان کے پسندیدہ رنگ کے بارے میں پوچھیں گی۔ بچے جماعت میں موجود اس چیز کا نام بھی بتائیں گے۔<br>معلمہ بچوں کو گاؤں کی تصویر دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ یہ کہاں کی تصویر ہے؟ معلمہ زبانی سوالوں کے ذریعے بچوں سے گاؤں کے متعلق سوال پوچھیں۔ (مثلاً: گاؤں کے گھر کیسے ہوتے ہیں؟ گاؤں کے لوگ کیا کام کرتے ہیں؟ کسان کھیتوں میں کیا کیا اگاتے ہیں؟ |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | قبل از مطالعہ | صفحہ نمبر 34 اور 35 پر موجود نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے ہر لفظ کی تین مرتبہ پڑھائی کروائیں اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (گاؤں۔ کھیت۔ خوبصورت۔ چھلیے۔ سرسبز۔ بہار۔ روزانہ۔ کپاس۔ گندم۔ گنے) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | صفحہ نمبر 34 مکمل اور 35 کی پہلی عبارت (تو کبھی گنے کے کھیت میں) تک کی باری باری چند بچوں سے بلند خوانی کرائی جائے۔ دوران پڑھائی بچوں سے چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھے جائیں تاکہ بچوں کے فہم کا جائزہ لیا جائے۔<br>(نادیہ گھر والوں کے ساتھ کہاں گئی؟ گاؤں میں کون رہتا تھا؟ کھیت کیسے تھے؟ درختوں پر کون سے پھل لگے ہوئے تھے؟ کھیتوں میں کیا کیا اگا ہوا تھا؟) |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **صفحہ نمبر 38 کی سرگرمی ۴ کا سوال ۱ اور ۲ نوٹ بک میں کرایا جائے۔**<br>☆**نوٹ بک:** معلمہ ایک ایک کر کے سوال تختہ نرم پہ لکھیں اور بچوں سے ان کے جوابات زبانی پوچھیں۔ اس کے بعد بچے ان کے جواب اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔<br>**س ۱۔ درختوں پر کون کون سے پھل لگے ہوئے تھے؟**<br>**س ۲۔ نادیہ نے کون کون سے کھیتوں کی سیر کی؟** |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 34 کی پڑھائی کریں اور سوالات کے جوابات لکھیں۔**<br>**س ۱: نادیہ کہاں گئی تھی؟ س ۲: گاؤں میں کون رہتا تھا؟ س ۳: گاؤں کیسا تھا؟** |

جماعت اوّل:اردو ماہانہ منصوبہ بندی۔ دورانیہ:۶۰منٹ

سبق:رنگوں کی دنیا دوسرا دن تاریخ:-----------------

**مقاصد:اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆قدرتی مناظر اور قوس قزح کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔☆نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆الفاظ معنی اور جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰۔۱۲ منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں کو مختلف رنگ دکھا کر ان کے نام پوچھیں۔(لال،نیلا،پیلا،ہرا،نارنجی،جامنی اور گہرا نیلا)۔معلمہ بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ نے ان تمام رنگوں کو ایک ساتھ کہیں دیکھا ہے۔آپ کو پتہ ہے رنگوں کی ان دھاریوں کو قوس قزح کہتے ہیں۔معلمہ بچوں کو قوس قزح کی تصویر دکھائیں اور اس میں موجود رنگوں کے نام پوچھیں۔معلمہ طلبا کو نظم سنائیں پھر بچے معلمہ کے ساتھ مل کر دوبارہ یہ نظم ترنم سے پڑھیں۔**(نظم کا لنک نیچے موجود ہے۔)**<br>(https://youtu.be/x4ter6iU6QQ)<br>**لال،نارنجی،پیلا،ہرا،نیلا،نیل،اور جامنی۔۔۔۔۔۔سورج کی کرنوں سے۔۔۔بادل کے اندر سے۔۔۔کھلتے ہیں ساتوں یہ رنگ۔۔۔یہ رنگ مل جائیں تو۔۔۔ہمیں دکھلائیں کہ۔۔۔سب ساتھ بن جائیں دھنک۔** |
| پڑھائی | ۱۰منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ پچھلی جماعت میں پڑھائے گئے الفاظ کی فلیش کارڈز/تختہ نرم/تختہ لکھائی کی مدد سے دہرائی کروائیں۔<br>☆صفحہ نمبر 35 اور 36 پر موجود نئے الفاظ (اچانک،گرجے،چمکنے،دھاریاں،انوکھا،منظر،قوس قزح،کمان،)کی پڑھائی بذریعہ فلیش کارڈز/تختہ نرم/تختہ لکھائی کی مدد سے کروائیں۔اور زبانی جملہ سازی کی مدد سے ان کے معنی سمجھائیں۔جن الفاظ کو تصویر کے ذریعے دکھایا جا سکتا ہے ان کی تصویر دکھائیں۔ |
| پڑھائی | ۱۵منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل صفحہ نمبر 35 اور 36 پر کی بلند خوانی کریں۔دوران پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س۔اچانک بادل گرجنے سے کیا ہوا؟س۔نانی نے سب کے لیے کیا بنائے؟نادیہ کو بارش کے بعد آسمان پر کیا نظر آیا؟<br>س۔قوس قزح آسمان پر کب نظر آتی ہے؟س۔قوس قزح کیا ہوتی ہے؟س۔قوس قزح میں کتنے رنگ ہوتے ہیں؟ رنگوں کے نام بتائیں۔ |
| تحریری | ۲۰منٹ | بعد از مطالعہ | **☆نوٹ بک کا کام:بچے صفحہ نمبر 38 کی سرگرمی نمبر ۴ کا سوال نمبر ۳ اور ۴ نوٹ بک میں کریں۔**<br>معلمہ ایک ایک کر کے سوال تختہ نرم پہ لکھیں اور بچوں سے ان کے جوابات زبانی پوچھیں۔اس کے بعد بچے ان کے جواب اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ |
| تفویض کار | | | ☆صفحہ نمبر 37 کی سرگرمی ۲ اور صفحہ 38 کی سرگرمی نمبر ۵ کتاب میں کریں۔ |

جماعت اوّل:اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی۔　　دورانیہ:۶۰منٹ

سبق:رنگوں کی دنیا　　تیسرا دن　　تاریخ:----------------

**مقاصد:اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆املا کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵منٹ | آمادگی | معلمہ اور بچے مل کر نظم ترنم سے پڑھیں۔<br>**لال،نارنجی،پیلا،ہرا،نیلا،نیل،اور جامنی۔۔۔۔۔۔۔سورج کی کرنوں سے۔۔۔بادل کے اندر سے۔۔۔کھلتے ہیں ساتوں یہ رنگ۔۔۔یہ رنگ مل جائیں تو۔۔۔ہمیں دکھلائیں کہ۔۔۔سب ساتھ بن جائیں دھنک** |
| الفاظ سازی | ۱۵منٹ | | **لفظوں کا کھیل:** معلمہ تختہ تحریر پر لفظ لکھیں گی۔اور بچے اس لفظ میں موجود حروف کی مدد سے نئے نئے الفاظ بنائیں گے۔معلمہ بچوں کو ۱۵منٹ کا وقت دیں گی۔مثلاً:<br>**خوبصورت:** خوب،بور،بصر،رت،صورت،خبر،صبر،<br>معلمہ کوئی اور لفظ بھی دے سکتی ہیں |
| تحریری | ۱۵منٹ | ریاضت | معلمہ تختہ لکھائی کی مدد سے املا کے لیے الفاظ کا اعادہ کروائیں۔اس کے بعد جماعت میں املا کا مقابلہ کروائیں۔(گاؤں۔کھیت۔خوبصورت۔چھلیے۔سرسبز۔بہار۔روزانہ۔کپاس۔گندم۔گنے)<br>۱:جماعت کے بچوں کو دو ٹیموں میں بانٹ دیں۔تختہ لکھائی پر دو کالم بنائیں۔ایک پر 'ٹیم الف' اور دوسرے پر 'ٹیم ب' لکھیں۔<br>۲:باری باری ہر ٹیم سے ایک ایک بچہ بلائیں۔اب معلمہ لفظ بولیں اور باری باری دونوں ٹیموں سے لکھوائیں۔<br>۳:جو ٹیم پہلے درست املا لکھے گی اس کے کالم میں اسٹار دیں۔<br>۴:۔املا کی سرگرمی کے اختتام کے بعد جس ٹیم کے زیادہ اسٹار ہوں گے وہ فاتح ہو گی۔ |
| تحریری | ۲۵منٹ | | **☆نوٹ بک کا کام:بچے صفحہ نمبر 37 کی سرگرمی نمبر۳ نوٹ بک میں کریں۔(جملہ سازی)**<br>☆معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تا کہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆اب طلبا سرگرمی ۳ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تا کہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| تفویض کار | | | **☆دیئے گئے الفاظ کی تیاری املا کے لئے کریں،املا اگلے ہفتے ہو گا۔(کمان،انوکھا،منظر،دھاریاں،چمکنے،قوس قزح)** |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی۔　　دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: رنگوں کی دنیا　　چوتھا دن　　تاریخ: ---------------

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ طلبا قوس قزح بننے کا طریقہ عملی طور پر دیکھیں اور کمان میں رنگوں کی ترتیب دیکھ لیں۔ ☆ جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ واحد کی جمع اور زبان دانی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سرگرمی | ۱۰ منٹ | آمادگی | https://youtu.be/vXccpwytjL8 اس وڈیو کی مدد سے کلاس میں قوس قزح بنا کر دکھائیں گی۔<br>**اشیاء:** پیالہ، پانی، جگ، شیشہ، ٹارچ، ٹیپ، قینچی، سفید اور سیاہ رنگ کی کارڈ شیٹ۔<br>**طریقہ:** سب سے پہلے ٹارچ کو سیاہ رنگ کے کاغذ سے کور کر دیں۔ پھر سیاہ کاغذ میں درمیان سے ایک سراخ کر دیں۔ شیشے کو پیالے کی دیوار سے ٹیڑھا کر کے ٹیپ کی مدد سے لگا دیں۔ اب پیالے میں پانی ڈالیں۔ کمرے میں اندھیرا کر دیں۔ شیشے کے سامنے کی طرف پیالے پر سفید کاغذ لگا دیں۔ اب ٹارچ کی مدد سے شیشے پر روشنی ڈالیں۔ بچوں کو سفید کاغذ پر سات رنگوں کی کمان نظر آئے گی۔ |
| تحریری | ۲۵ منٹ | ریاضت | کتاب کا کام: سرگرمی ۶ صفحہ 39 کروائی جائے گی۔<br>معلمہ تختہ پر جدول بنائیں اور بچوں سے زبانی جملہ سازی کی مشق کروائیں۔ اس کے بعد بچے کتاب میں جدول کی مدد سے جملے بنائیں۔ |
| زبانی | ۱۰ منٹ | تعارف قواعد واحد / جمع | معلمہ بچوں کو بستہ دکھائیں اور پوچھیں کہ یہ کتنے ہیں؟ کیا کہتے ہیں؟ اس کے بعد تین بستے دکھائیں اور پوچھیں کہ اب کتنے ہیں؟ اور ان کو بستہ کہیں گے یا بستے اور کیوں۔ اسی طرح دیگر اشیاء کے نام پوچھیں اور تختہ نرم پر لکھیں۔ معلمہ چند اور مثالوں کے ذریعے بچوں کو واحد کو جمع میں تبدیل کرنا سکھائیں گی۔ معلمہ بچوں کو بتائیں گی کہ اردو میں کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن میں آخر میں "وں" لگا کر ان کو جمع میں تبدیل کیا جاتا ہے۔ جیسے کہ پھول کی جمع ہے پھولوں۔ پودا کا پودوں |
| تحریری | ۱۵ منٹ | اعادہ | **☆نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 40 کی سرگرمی نمبر ۷ کا حصہ (الف) نوٹ بک میں کریں۔** |
| تفویض کار | | **کتاب کے صفحہ نمبر 40 کی سرگرمی نمبر ۷ کا حصہ (ب) نوٹ بک میں کریں۔** | |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی۔　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: رنگوں کی دنیا　　پانچواں دن　　　　تاریخ:-----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ املا کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ تخلیقی لکھائی کی مہارت اُجاگر ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | ۱۵ منٹ | ریاضت | نوٹ بک کا کام: پچھلی جماعت میں دیے گئے الفاظ کا املا لیا جائے گا۔ **(کمان، انوکھا، منظر، دھاریاں، چمکنے، قوس قزح)** |
| سماعت و زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں کو چاروں موسموں کی تصاویر دکھائیں گی۔ معلمہ بچوں کو ان موسم میں پہننے والے کپڑے اور خاص کھانے کی اشیاء بھی دکھائیں گی۔ چاروں موسم میں میسر پھل اور سبزیوں کی تصاویر دکھائیں گی۔ مختلف بچوں سے ان کے پسندیدہ موسم کے بارے میں پوچھیں گی۔ اور اس موسم کی پسند کی وجہ کیا ہے۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از تحریر | سرگرمی ۸: صفحہ نمبر 41:<br>ا: معلّمہ پہلے ذخیرہ الفاظ تختہ تحریر کی مدد سے پڑھوائیں گی۔ (چار موسم، گرما، سردی، خزاں، بہار، پت جھڑ، خوش رنگ، پھول) |
| تحریری | ۳۰ منٹ | دوران تحریر | ا: معلمہ بچوں سے زبانی سوالات کریں گی اور بچے جوابات کی مدد سے پسندیدہ موسم کے عنوان پر عبارت لکھیں گے۔<br>۳: معلمہ ایک ایک کر کے سوال تختہ تحریر پر لکھیں اور بچوں سے ان کے جواب لکھنے کے لیے کہیں۔<br>سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟ آپ کو کونسا موسم پسند ہے؟ اس موسم کی خاص بات کیا ہے؟ اس موسم میں لوگ کیسے کپڑے پہنتے ہیں؟ لوگ کون سے پھل اور سبزیاں کھاتے ہیں؟ آپ کو یہ موسم کیوں پسند ہے۔ بچے سوالات کی مدد سے "میرا پسندیدہ موسم" کے عنوان پر عبارت لکھیں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور کمزور طلبا کی مدد کریں۔ |
| تفویض کار | | | **اپنے پسندیدہ موسم کے بارے میں ایک معلوماتی پوسٹر بنائیں اور اس موسم میں پہنے جانے والے لباس، کھانے، پھل اور سبزیاں، موسم، ارد گرد کے ماحول کی تصاویر چپکائیں۔ بروز------ پوسٹر ساتھ لائیں اور اپنے پوسٹر کی معلومات کو جماعت کے سامنے چند جملوں کی صورت میں پیش کریں۔**<br>**صفحہ نمبر 41 کی سرگرمی ۸ کا حصہ (ب) نوٹ بک میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: ایماندار مالی۔ پہلا دن　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ ایمانداری کی اہمیت سمجھ سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے الفاظ کے معنی سیکھ کر جملوں میں استعمال کرنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 5 منٹ | آمادگی | معلمہ طلباء سے صفحہ نمبر 42 کی سرگرمی ا کا سوال زبانی پوچھیں۔ اور ایمان داری کی اہمیت کے بارے میں گفتگو کریں۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 42 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں (محنتی، دیکھ بھال، مامور، بہترین، پیش، چکھے) |
| پڑھائی | 15 منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ چند طلباء سے باری باری صفحہ نمبر 42 کی بلند خوانی کروائیں۔<br>دورانِ پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ مبارک کون تھے؟ س 2۔ مبارک کس باغ کی دیکھ بھال کرتے تھے؟ س 3۔ باغ کا مالک اپنے ساتھ کس کو لایا؟ س 4۔ مالک نے مبارک کو مہمانوں کو کیا پیش کرنے کا حکم دیا؟ س 5۔ انار کیسے تھے؟ |
| تحریری | 30 منٹ | بعد از مطالعہ | **<u>کتاب کا کام:</u>** طلباء معلمہ کی مدد سے صفحہ نمبر 45 کی سرگرمی ۵ کتاب میں کریں۔ (اس سرگرمی میں معلمہ تختہ تحریر پر کتاب میں دیا گیا لفظ لکھیں اور طلباء سے لفظ کے آخری حرف سے شروع ہونے والا لفظ پوچھیں۔ اس طرح طلباء لفظوں کی زنجیر کتاب میں مکمل کریں۔)<br>**<u>نوٹ بک کا کام:</u>** طلباء اپنی کاپی میں دیئے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔ (بہترین، دیکھ بھال، حکم، محنتی)<br>☆ معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تا کہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆ اب طلبا الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆ اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تا کہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| تفویض کار | | | سبق "ایمان دار مالی" صفحہ نمبر 42 کی پڑھائی کریں اور سوالات کے جوابات کاپی میں لکھیں۔<br>س 1۔ مبارک کون تھے؟ س 2۔ مالک نے مبارک کو کیا لانے کا حکم دیا؟<br>صفحہ نمبر 45 کی سرگرمی ۶ کتاب میں کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ 60 منٹ**

**سبق: ایمان دار مالی ۔دوسرا دن　　تاریخ:-----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ مختلف پیشوں کے بارے میں جان سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | آمادگی | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 43 پر دیئے گئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں (خفا، چکھنے، خوش، انعام، ایمان داری، متاثر) |
| پڑھائی | 15 منٹ | دوران مطالعہ | طلباء اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 43 کی پڑھائی کریں۔<br>دوران پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ باغ کا مالک مبارک سے کیوں خفا ہوا؟ س 2۔ مبارک نے باغ کے مالک کو کیا جواب دیا؟ س 3۔ مالک مبارک کی کس بات سے متاثر ہوا؟ س 4۔ باغ کے مالک نے مالی کو کیا انعام دیا؟ |
| تحریری | 10 منٹ | دوران مطالعہ | **کتاب کا کام:** طلباء اپنی معلمہ کی مدد سے صفحہ نمبر 44 پر دی گئی سرگرمی 2 کتاب میں کریں۔<br>اس سرگرمی میں معلمہ طلباء کی رہنمائی کریں گی۔ |
| زبانی | منٹ 15 | سرگرمی | سرگرمی نمبر 9 صفحہ نمبر 47 کو کتاب میں مکمل کرنے سے پہلے معلمہ طلباء سے ایک چھوٹی سی سرگرمی کروائیں۔ جس کی مدد سے طلباء با آسانی سرگرمی 9 کتاب میں کریں گے۔<br>(معلمہ بچوں کو مختلف پیشوں سے متعلق سرگرمی کروائیں۔ کسی بچے کو استاد بنائیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ بتائیں کہ یہ کون ہیں اور ان کا کام / پیشہ کیا ہے؟ اس طرح مختلف بچوں کو ڈاکٹر، درزی، نائی، موچی، بڑھئی، پائلٹ وغیرہ بنوا کر یہ سرگرمی کروائیں۔ اس دوران معلمہ بچوں کو بتائیں کہ ہر پیشہ خواہ وہ ڈاکٹر ہو یا موچی سب کی اپنی اہمیت ہے اور ان سب کے بغیر ہماری زندگی میں مشکلات ہوتی ہیں۔) |
| تحریری | منٹ 10 | بعد از مطالعہ | **کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 47 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۹ کتاب میں کروائی جائے۔<br>معلمہ بچوں سے تصاویر کے بارے میں گفتگو کریں۔ ایک ایک تصویر کے بارے میں باری باری سوال کریں کہ کون کیا کر رہا ہے اور ان کو کیا کہتے ہیں؟ مثلاً: بچوں سے پوچھیں کہ تصویر نمبر 1 میں موجود شخص کیا کر رہا ہے؟ بچے جواب دیں گے کہ بال کاٹ رہا ہے۔ بچوں سے پوچھیں کہ بال کاٹنے والے کو کیا کہتے ہیں۔ اسی طرح باری باری ہر تصویر کے بارے میں گفتگو کریں۔ اس کے بعد بچوں سے جملے پڑھائیں اور پوچھیں کہ کپڑے کون دھوتا ہے۔ بچے جملے کو درست تصویر سے ملائیں گے۔ |
| تفویض کار | | | سبق ایمان دار مالی کے صفحہ نمبر 43 کی پڑھائی کریں۔<br>صفحہ نمبر 44 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۳ اور صفحہ نمبر 46 پر دی گئی سرگرمی ۷ کتاب میں کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ 60 منٹ**

**سبق: ایمان دار مالی ۔ تیسرا دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ پڑھائی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ املا کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| زبانی اظہار | 5 منٹ | آمادگی | معلمہ طلباء سے سوال کریں گی کہ امانت میں خیانت کرنے سے کیا ہوتا ہے؟<br>(معلمہ مختلف طلباء سے اس سوال کا جواب لیں اور ایمان داری کے حوالے سے حدیث بتائیں۔) |
| پڑھائی | 15 منٹ | ریاضت | معلمہ کمرہ جماعت میں موجود طلباء سے سبق ایمان دار مالی کی دو دو سطور کی باری باری بلند خوانی کروائیں۔<br>(اس دوران معلمہ طلباء سے کہیں کہ جو الفاظ پڑھنے میں انھیں دشواری پیش آئی طلباء ان الفاظ کو خط کشیدہ کریں۔<br>بعد ازاں معلمہ طلباء سے پوچھ کر ان الفاظ کی تختہ لکھائی پر لکھ کر تین تین بار پڑھائی کروائیں۔) |
| تحریری | 25 منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:** طلباء صفحہ نمبر 43 کا خاموش مطالعہ کریں بعد ازاں دیئے گئے سوالات کے جوابات کاپی میں لکھیں۔<br>س 1۔ مالک نے مبارک کو کیا لانے کا حکم دیا؟ س 2۔ مالک مالی کسے کیوں خفا ہوا؟ س 3۔ مالک کو مبارک کی کس بات نے متاثر کیا؟ |
| تحریری | 15 منٹ | ریاضت | **نوٹ بک کا کام:** معلمہ طلباء سے جھٹ پٹ املا لیں۔ (معلمہ الفاظ تختہ لکھائی پر لکھیں۔ طلبا اپنی یادداشت سے ان الفاظ کو لکھیں۔ خفا، چکھنے، خوش، انعام، ایمان داری، متاثر)<br>1۔ **دیکھو:** طلبا تختہ لکھائی پر لکھے گئے الفاظ کو بغور دیکھیں۔<br>2۔ **پڑھو:** طلبا ہر لفظ کو باری باری تین بار با آواز بلند پڑھیں۔<br>3۔ **چھپاؤ:** معلمہ الفاظ مٹا دیں۔<br>4۔ **لکھو:** طلبا اپنی یادداشت کی مدد سے ان الفاظ کو اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔<br>5۔ **جانچو:** معلمہ باری باری ہر لفظ کو تختہ لکھائی پر لکھیں اور طلبا اپنی نوٹ بک میں لکھے گئے الفاظ کی اصلاح کریں۔ |
| تفویض کار | | | **دیئے گئے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ (محنتی، مامور، دیکھ بھال، بہترین، میٹھے، کھٹے)**<br>صفحہ نمبر 43 میں موجود پانچ اسم تلاش کر کے نوٹ بک میں لکھیں اور کسی ایک کے بارے میں چھ جملے لکھیں۔ |

**جماعت اوّل: اردو      ماہانہ منصوبہ بندی      دورانیہ 60 منٹ**

**سبق: ایماندار مالی۔ چوتھا دن      تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ املا کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ تصویری تفہیم کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔ ☆ زبان دانی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | 15 منٹ | جانچ | **نوٹ بک کا کام:** الفاظ کا املا لیا جائے گا۔ **(محنتی، مامور، دیکھ بھال، بہترین، میٹھے، کھٹے)** |
| تحریری | 30 منٹ | | **نوٹ بک کا کام:** تصویری تفہیم صفحہ نمبر 48 سرگرمی 11<br>معلمہ طلباء کو صفحہ نمبر 48 پر دی گئی تصویر دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ یہ کس جگہ کی تصویر ہے اور ان کو تصویر میں کیا کیا نظر آرہا ہے؟ طلباء کے جوابات معلمہ تختہ لکھائی پر لکھیں۔<br>طلباء سرگرمی 11 میں دیئے گئے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔ |
| تحریری | 15 منٹ | تعارف<br>قواعد<br>الفاظ / ضد | معلمہ طلباء کو الفاظ / ضد کا تعارف مثالوں کے ذریعے کروائیں۔ بچوں کو دو پنسلیں دکھائیں۔ ایک بڑی ہو اور ایک چھوٹی۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا یہ دونوں پنسلیں برابر ہیں؟ ان میں کیا فرق ہے؟ بچے جواب دیں گے کہ ایک چھوٹی ہے اور ایک بڑی۔ اسی طرح بچوں کو باقی چیزوں کے بارے میں بھی مثالوں کی مدد سے بتائیں تاکہ بچے الفاظ کی ضد بنانا با آسانی سیکھ لیں۔<br>**کتاب کا کام:** معلمہ طلباء کی مدد سے سرگرمی نمبر 10 صفحہ نمبر 47 کتاب میں مکمل کریں۔ |
| تفویض کار | | | سبق ایمان دار مالی کی پڑھائی کریں۔<br>دیئے گئے سوالوں کی مدد سے اپنے پسندیدہ پھل پر ۵ جملے لکھیں۔<br>1۔ آپ کا پسندیدہ پھل کون سا ہے؟ 2۔ اس کا رنگ اور ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ 3۔ یہ کس موسم میں آتا ہے؟ 4۔ اس پھل کو کھانے کے دو فائدے کون سے ہیں؟ |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

نظم: نعت۔ پہلا دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ نبی ﷺ کی محبت دل میں پیدا کر سکیں۔

☆ نبی ﷺ کی سنت پر عمل کرنے کا جذبہ پیدا کر سکیں۔

☆ حدیث اور سنّت کے بارے میں جان سکیں۔

☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ نعت کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 10 منٹ | آمادگی | پیارے نبی ﷺ کے بارے میں بچوں سے گفتگو کریں۔ نعت کسے کہتے ہیں؟ سنت کسے کہتے ہیں؟ سنت اور حدیث کا فرق بچوں کو واضح کریں گی۔ بچوں کو نبی ﷺ کی حدیث پڑھ کر سنائیں گی اور اس کا مفہوم کی وضاحت کریں گی۔ (اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع (نبی ﷺ کے طریقے پر عمل) کرو۔ اللہ تمھیں محبوب بنا لے گا اور تمھارے گناہ بخش دے گا۔) معلمہ طلباء سے صفحہ نمبر 49 کی سرگرمی 1 کے سوالات زبانی پوچھیں۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 49 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں (حق، رہبر، رہنما، فلک، مقام، ہادی، دمک، ذرے،) |
| تحریری | 10 | قبل از مطالعہ | صفحہ نمبر 50 کی سرگرمی 3 کتاب میں کروائی جائے گی۔ |
| پڑھائی | 15 منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ اور طلبا مل کر صفحہ نمبر 49 پر دی گئی نعت ساتھ پڑھیں۔ معلمہ بچوں سے شاعر کا نام پوچھیں۔<br>نعت پڑھنے کے بعد معلمہ باری باری طلبا سے ہر شعر کا مفہوم پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ اس نعت میں نبی ﷺ کی کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہیں؟ س 2: سیدھے راستے کا کیا مطلب ہے؟ س 3: نبیوں میں کس کا مقام بلند ہے؟ |
| تحریری | 15 منٹ | بعد از مطالعہ | ☆ **<u>کتاب کا کام:</u>** صفحہ نمبر 51 سرگرمی ۵ کتاب میں کروائی جائے گی۔ معلمہ بچوں کو کام کرنے کا طریقہ سمجھائیں گی اور بچے نعت کا خاموش مطالعہ کر کے اشعار کو مکمل کریں گے۔ |
| تفویض کار | | | **نعت کی پڑھائی کریں۔ صفحہ نمبر 50 کی سرگرمی ۲ کتاب میں کریں اور ان الفاظ کی تین بار خوشخط لکھائی نوٹ بک میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**نظم: نعت۔ دوسرا دن　　تاریخ:.................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ نظم کو دلچسپ انداز میں ترنم کے ساتھ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 10 منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ وہ نبی ﷺ کی کون سی سنت پر عمل کریں گے؟ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | ☆ نعت کے الفاظ کی بصری پڑھائی تختہ تحریر / تختہ نرم / فلیش کارڈز کی مدد سے کروائی جائے۔ الفاظ کے معنی پوچھے جائیں۔ معلمہ تختہ نرم سے دو تا تین الفاظ کے کارڈز غائب کر دیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کون سا لفظ تختہ نرم پر موجود نہیں ہے۔ اس طرح بچوں کی یادداشت کا جائزہ لیا جائے۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | ☆ چند طلبا باری باری نعت کے ایک ایک شعر کی بلند خوانی کروائیں تاکہ ہر بچے کی باری آجائے۔ اور معلمہ ان سے اشعار کا مفہوم پوچھیں۔ |
| تحریری | 20 منٹ | دوران مطالعہ | **☆ نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 51 کی سرگرمی نمبر ۶ کا س 1۔ 2 اور 3 نوٹ بک میں کروایا جائے۔** |
| تحریری | 10 منٹ | اعادہ | معلمہ بچوں کو ہم قافیہ الفاظ کی مشق کروائیں۔ تختہ تحریر پر چار الفاظ لکھیں۔ (مثلاً: شام / نام / بول / کام) بچوں سے پوچھیں کہ ان میں کون کون سے الفاظ کی آخری آواز ایک جیسی ہے۔ ان کے گرد دائرہ بنائیں اور بچوں کو بتائیں کہ ان کو "ہم آواز الفاظ یا ہم قافیہ الفاظ" کہا جاتا ہے۔ اب لفظ **"ہمارے"** تختہ تحریر پر لکھیں اور بچوں سے ان کے ہم آواز الفاظ پوچھ کر تختہ تحریر پر لکھیں۔ |
| تفویض کار | | | **نعت کی پڑھائی کریں۔ صفحہ نمبر 53 کی سرگرمی 9 نوٹ بک میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**نظم: نعت۔ تیسرا دن　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ نئے ذخیرہ الفاظ سیکھ سکیں۔

☆ الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ عبارت کو سمجھ کر پڑھنا سیکھ سکیں۔

☆ سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | 5 منٹ | اعادہ | ☆ نعت کے بصری الفاظ کا اعادہ تختہ نرم سے کروایا جائے۔ |
| تحریری | 20 منٹ | ریاضت | **نوٹ بک کا کام:** صفحہ نمبر 51 کی سرگرمی ۴ جملہ سازی کروائی جائے۔<br>☆ معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تاکہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆ اب طلبا سرگرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆ اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تاکہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| پڑھائی | 5 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 52 کی سرگرمی ۷ کروائیں۔ سب سے پہلے عبارت میں موجود نئے الفاظ تختہ تحریر کی مدد سے پڑھائیں۔ ہر لفظ کو تین بار پڑھائیں اور ان کے معنی بھی بچوں کو بتائیں۔ صحابی کون ہوتے ہیں بچوں کو وضاحت کریں۔ |
| | 10 منٹ | دوران مطالعہ | بچوں کو عبارت میں دیے گئے سوالات پڑھنے کو کہیں۔ اس کے بعد بچوں کو عبارت کا خاموش مطالعہ کرنے کو کہیں۔ عبارت کا مطالعہ کرنے کے بعد بچوں سے زبانی سوالات کریں۔ |
| | 20 منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:** بچے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔ |
| تفویض کار | | | **"نعت" زبانی یاد کریں۔**<br>**صفحہ نمبر 50 کی سرگرمی نمبر ۲ کے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ املا اگلے دن لیا جائے گا۔** |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

نعت چوتھا دن تاریخ:.................

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نبی کریم ﷺ کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔

☆ پیارے نبی ﷺ کے بارے میں معلوماتی عبارت لکھنا سیکھ سکیں۔

☆ تخلیقی صلاحیت کو اُجاگر کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | ۱۰ منٹ | جانچ | بچوں سے پچھلی جماعت میں گئے الفاظ کا املا لیا جائے گا۔(صفحہ نمبر 50 کی سرگرمی ۲) |
| زبانی | ۸۔۱۰ منٹ | قبل از تحریر | معلمہ صفحہ نمبر 54 کی سرگرمی ۱۰ کروائی جائے گی۔ معلمہ بچوں سے نبی ﷺ کے بارے میں سوالات کریں گی اور بچے اس کے جوابات صفحہ نمبر 54 پر دیے گئے جدول میں لکھیں گے۔ |
| تحریری | ۳۰ تا ۳۵ منٹ | دوران تحریر | طلبا صفحہ نمبر 54 پر دیئے گئے جدول کی مدد سے "پیارے نبی ﷺ" کے بارے میں معلوماتی عبارت نوٹ بک میں لکھیں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور کمزور طلبا کی مدد کریں۔ |
| زبانی | ۱۰ منٹ | بعد از تحریر | تحریری سرگرمی مکمل ہونے کے بعد معلمہ جماعت میں سے تین بہترین تحریروں کا انتخاب کریں۔ اور وہ بچّے اپنی عبارت با آواز بلند جماعت کے دیگر طلبا کو پڑھ کر سنائیں۔ اس طرح بچوں کی حوصلہ افزائی بھی ہو گی اور دوسرے طلبا بھی عبارت لکھنے کا درست طریقہ جان لیں گے۔ |
| تفویض کار | | **پیارے نبی ﷺ کی پانچ سنتیں نوٹ بک میں لکھیں جن پر آپ عمل کریں گے۔** | |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ٦٠ منٹ**

**نعت : پانچواں دن　　تاریخ:..................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ لفظوں کے کھیل کی مدد سے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہو سکے۔

☆ تھا/ تھی/ اور تھے کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | ٢٠ منٹ | ریاضت | **کھیل: لفظوں کی زنجیر**<br>معلمہ بچوں کے ساتھ کھیل "لفظوں کی زنجیر" کھیلیں گی۔ مثلاً معلمہ تختہ تحریر پر لفظ "مقام" لکھیں گی اور بچے اس کے آخری حرف یعنی "م" سے شروع ہونے والا کوئی بھی لفظ بتائیں گے۔ معلمہ تختہ تحریر پر وہ لفظ لکھیں گی۔ اس طرح باری باری بچے ہر لفظ کے آخری حرف سے شروع ہونے والا لفظ بتائیں گے اور معلمہ لفظوں کی زنجیر بناتی جائیں گی۔<br>اب معلمہ لفظ "بلند" تختہ تحریر پر لکھیں اور بچے اس لفظ کی زنجیر بنائیں گے۔ بچے یہ سرگرمی نوٹ بک میں کریں گے۔ |
| بصری زبانی | ١٠ منٹ | تعارف | معلمہ تختہ تحریر پر لفظ "تھا/ تھی/ تھے" لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ کوئی جملہ بتائیں جن کے آخر میں تھا/ تھی/ تھے/ "آئے۔ |
| تحریری | ٣٠ منٹ | اعادہ | معلمہ صفحہ نمبر 53 پر دیا گیا جدول تختہ تحریر پر بنائیں گی۔ اور بچوں کو سمجھائیں گی کہ کس طرح انھوں نے ہر کالم سے ایک ایک لفظ چن کر جملہ مکمل کرنا ہے اور تھا/ تھی/ تھے کا درست استعمال کرنا ہے۔ معلمہ ایک جملہ تختہ تحریر پر لکھیں گی تاکہ بچے جملہ بنانے کا استعمال سیکھ لیں۔ اس سرگرمی کی مدد سے بچے 'تھا/ تھی اور تھے 'کا استعمال بھی سیکھیں گے۔ |
| تفویض کار | | | |

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: مٹھی ماڈل اسکول ۔پہلا دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆اسکول اور تعلیم کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔☆ گاؤں کے محدود وسائل سے آگاہ ہو سکے۔☆ دوسروں کی مدد کا جذبہ پیدا ہو سکے۔

☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔☆ ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہو گا۔☆ نئے الفاظ کے معنی سیکھ سکیں۔☆ جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۸۔۱۰ منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں کو مختلف عمارتوں (ہسپتال، پارک، مال، ہوٹل اور بینک) کی تصویر دکھائیں گی اور ان کے نام کے ساتھ ان کی اہمیت پوچھیں گی۔ پھر معلمہ بچوں کو ایک اسکول کی تصویر دکھائیں گی۔ معلمہ بچوں سے پوچھیں گی یہ کہاں کی تصویر ہے اور ہم یہاں کیا کرنے آتے ہیں؟ معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ آپ کو اسکول آنا کیسا لگتا ہے؟ آپ کو اپنے اسکول کی کیا بات بہت پسند ہے؟ آپ اسکول کیوں آتے ہیں؟ اسکول میں کیا کیا کرتے ہیں؟<br>معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کیا آپ کبھی گاؤں گئے ہیں۔ معلمہ بچوں سے گاؤں اور شہر کے اسکولوں کے درمیان فرق پوچھیں گی۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ سبق میں موجود نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے ہر لفظ کی تین مرتبہ پڑھائی کروائیں گی اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں گی (مقام، افسوس، میسر، ارادہ، کتب خانہ، باغبانی، خوش و خرم، انتظام) |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | دوران مطالعہ | بچے معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 55 اور 56 کی بلند خوانی کریں گے۔ پڑھائی کے بعد معلمہ زبانی سوال جواب کے ذریعے بچوں کے فہم کا جائزہ لیں گی۔<br>گھر والے کہاں جا رہے تھے؟ گاڑی کہاں خراب ہوئی؟ گاڑی ٹھیک کرنے میں ان کی مدد کس نے کی؟ بستی کے لوگ انھیں کہاں لے گئے تھے؟ بستی کی حالت دیکھ کر کیوں افسوس ہوا تھا؟ کراچی واپس آکر ابو نے کیا ارادہ کیا؟ |
| تحریری | ۱۰ منٹ | دوران مطالعہ | **<u>لفظوں کی زنجیر: کھیل</u>**<br>معلمہ بچوں کے ساتھ کھیل "لفظوں کی زنجیر" کھیلیں گی۔ مثلاً معلمہ تختہ تحریر پر لفظ "اسکول" لکھیں گی اور بچے اس کے آخری حرف یعنی "ل" سے شروع ہونے والا کوئی بھی لفظ بتائیں گے۔ معلمہ تختہ تحریر پر وہ لفظ لکھیں گی۔ اس طرح باری باری بچے ہر لفظ کے آخری حرف سے شروع ہونے والا لفظ بتائیں گے اور معلمہ لفظوں کی زنجیر بناتی جائیں گی۔ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **صفحہ نمبر 60 کی سرگرمی ۵ کا سوال ۱ اور ۲ نوٹ بک میں کرایا جائے گا۔**<br>☆<u>**نوٹ بک:**</u> معلمہ ایک ایک کر کے سوال تختہ نرم پہ لکھیں گی اور بچے ان کے جواب اپنی نوٹ بک میں کریں گے۔<br>**س ۱۔ گاڑی کہاں خراب ہوئی تھی؟ س ۲۔ شہر واپس آکر ابو نے کیا ارادہ کیا؟** |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 55 اور 56 کی پڑھائی کریں اور دیئے گئے سوال کے جواب ہوم ورک نوٹ بک میں لکھیں۔**<br>**س ۱۔ گھر والے کہاں جا رہے تھے؟ س ۲۔ بستی کی حالت دیکھ کر کیوں افسوس ہوا تھا؟**<br>**ان الفاظ کی تیاری املا کے لئے کریں، املا اگلے ہفتے ہو گا۔ (مقام، افسوس، میسر، ارادہ، خاطر مدارت)** |

جماعت اوّل: اردو　　　ماہانہ منصوبہ بندی۔　　　دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: مٹھی ماڈل اسکول ۔ دوسرا دن　　　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ گاؤں اور شہر میں قائم اسکولوں میں فرق کر سکیں۔ ☆ بچوں میں دوسروں کی مدد کا جذبہ پیدا ہو سکے۔

☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔ ☆ الفاظ معنی اور جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔

☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰ منٹ | آمادگی | https://youtu.be/j7i2oOMGlEw<br>معلمہ بچوں کو گاؤں کے اسکول کی اس وڈیو کا کچھ حصہ دکھائیں۔ وڈیو کے بعد معلمہ بچوں سے زبانی سوال کریں۔<br>اس وڈیو میں بچے کیسے بیٹھے ہوئے تھے؟ بچے کس پر لکھائی کر رہے تھے؟ معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ آپ کے اسکول میں اور گاؤں کے اسکول میں کیا کیا فرق ہے؟<br>اب معلمہ تختہ نرم پہ دو کالم بنائیں گی اور بچوں کے جواب کی مدد سے شہر اور گاؤں کے اسکول کے فرق کی چیزیں تختہ نرم پہ لکھیں گی۔ معلمہ بچوں کو اللہ تعالی کی شکر گزاری کا جذبہ پیدا کریں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ پچھلی جماعت میں پڑھنے والے الفاظ کو فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے دھرائی کروائیں گی۔ اور بچوں سے زبانی جملہ سازی کروائیں گی۔ معلمہ پچھلی جماعت کا اعادہ بذریعہ زبانی سوال کریں گی۔<br>اسکے بعد معلمہ نئے الفاظ کا تعارف فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے کروائیں گی۔ ہر لفظ کی تین مرتبہ پڑھائی کروائیں گی اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں گی، جن الفاظ کو تصویر کے ذریعے ظاہر کیا جا سکتا ہو ان کی تصاویر دکھائی جائیں۔ مثلاً کنواں، کتب خانہ کی تصویر اور یہ کس کام آتے ہیں۔ (منزلہ، کھڑکیاں، کتب خانہ، باغ بانی، کنواں، خوش و خرم، انتظام) |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 57 کی بلند خوانی کریں گے۔ دوران مطالعہ معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں گی اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س۔ اسکول کتنے منزلہ تھا؟ س۔ اسکول میں کتنے کمرے تھے؟ س۔ کتب خانہ کس منزل پہ تھا؟ س۔ بچے باغ میں کیا اگاتے تھے؟ س۔ اسکول میں کنواں کیوں بنایا گیا تھا؟ س۔ بچے اسکول کیسے آتے؟ |
| تحریری | ۱۰ منٹ | دوران مطالعہ | صفحہ نمبر 58 کی سرگرمی نمبر ۲ کتاب میں کریں گے۔ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **☆ <u>نوٹ بک کا کام</u>: صفحہ نمبر 60 کی سرگرمی نمبر ۶ نوٹ بک میں کریں۔** |
| تفویض کار | | | **☆ سبق "مٹھی ماڈل اسکول" کے صفحہ نمبر 57 کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 60 کی سرگرمی نمبر ۵ کے سوال نمبر ۳ اور ۴ ہوم ورک نوٹ بک میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ: ۶۰ منٹ**

**سبق: مٹھی ماڈل اسکول　　تیسرا دن　تاریخ:-----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆زبانی سوالات کے ذریعے سبق کا اعادہ کر سکیں۔ ☆سوالیہ نشان کا استعمال سیکھ سکیں۔ ☆جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰ منٹ | آمادگی | معلمہ سبق کا اعادہ زبانی سوال جواب سے کریں گی۔<br>گھر والے کہاں جا رہے تھے؟ گاڑی کہاں خراب ہوئی؟ گاڑی ٹھیک کرنے میں اس نے مدد کی؟ بستی کے لوگ انھیں کہاں لے گئے تھے اور ان کے ساتھ کیا کیا؟ بستی کی حالت دیکھ کے کیوں افسوس ہوا تھا؟ کراچی واپس آکر کس چیز کے لئے تیاری کی؟ سب کی مدد سے کیا تیار ہو گیا تھا؟ کتنی منزلہ عمارت کا اسکول تھا؟ اسکول میں کتنے کمرے ہیں؟ کتب خانہ کس منزل پہ تھا؟ بچے باغ میں کیا اگاتے ہیں؟ صاف پانی کے لیے کیا موجود تھا؟ بچے اسکول کیسے آتے ؟ |
| زبانی | ۱۰ منٹ | تعارف | معلمہ سوالیہ نشان والے چند جملے تختہ تحریر پر لکھیں گی۔<br>آج کون سا دن ہے؟ آپ نے صبح ناشتے میں کیا کھایا تھا؟ آپ کا پسندیدہ رنگ کون سا ہے؟ آپ کتنے بھائی بہن ہیں؟<br>معلمہ بچوں کو بتائیں گی کہ جب ہم سوال پوچھتے ہیں تو جملے کے آخر میں جو نشان لگتا ہے اسے "سوالیہ نشان" کہتے ہیں۔ اس کو اس طرح لکھتے ہیں "؟" معلمہ بچوں سے چند سوالیہ جملے پوچھیں گی اور تختہ نرم پر لکھیں گی۔ |
| تحریری | ۱۵ منٹ | اعادہ | صفحہ نمبر 62 کی سرگرمی نمبر ۸ بچے نوٹ بک میں کریں گے۔ معلمہ دوران لکھائی بچوں کے کام کا جائزہ لیں گی اور بہ وقت ضرورت بچوں کی اصلاح کریں گی اور املا میں مدد کریں گی۔ |
| سمعی اور بصری | ۱۰ منٹ | | معلمہ بچوں سے صفحہ نمبر 61 کی سرگرمی نمبر ۷ کی زبانی مشق کرائیں گی۔ معلمہ کتاب میں دیا گیا جدول تختہ تحریر پر بنائیں گی۔ اور بچوں کو سمجھائیں گی کہ کس طرح انھوں نے ہر کالم سے ایک ایک لفظ چن کر جملہ مکمل کرنا ہے کہ کون کیا کر رہا ہے۔ اس سرگرمی کی مدد سے بچے 'ہیں، ہے اور ہوں' کا استعمال بھی سیکھیں گے۔ |
| تحریری | ۱۵ منٹ | | **☆نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 61 کی سرگرمی نمبر ۷ کلاس ورک نوٹ بک میں کریں گے۔ معلمہ بچوں کے کام کا جائزہ لیں گی اور ان کے کام میں مدد کریں گی۔** |
| تفویض کار | | | **☆سبق کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 59 کی سرگرمی نمبر ۳ کتاب میں کریں۔ دیئے گئے الفاظ کی تیاری املا کے لئے کریں، املا اگلے دن ہو گا۔ (کتب خانہ، باغبانی، خوش و خرم، انتظام)** |

جماعت اوّل:اردو ماہانہ منصوبہ بندی۔ دورانیہ:۶۰منٹ

**سبق: مٹھی ماڈل اسکول چوتھادن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد:اس سبق کے اختتام پر طلبااس قابل ہو جائیں کہ:**

☆الفاظ کی درست بناوٹ اور املا کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆سوالیہ جملوں کی پہچان کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| تحریری | ۱۵منٹ | جانچ | پچھلی جماعت میں دیا گیا املا لیا جائے گا۔**(کتب خانہ،باغبانی،خوش وخرم،انتظام)** |
| سماعت و زبانی اظہار | ۱۰منٹ | آمادگی | معلمہ تختہ نرم پہ(انتظام،افسوس،باغبانی،ارادہ،خوش وخرم)ایک ایک کر کے ذخیرہ الفاظ لکھیں گی اور بچوں سے ان کے مطلب بھی پوچھیں گی۔معلمہ پہلے خود ایک ایک کر کے ہر لفظ کا جملہ بنائیں گی اور ساتھ ساتھ بچوں سے بھی پوچھیں گی۔ |
| تحریری | ۲۰منٹ | بعد از مطالعہ | طلبا صفحہ نمبر 59 کی سرگرمی نمبر ۵ اپنی کلاس ورک نوٹ بک میں کریں گے۔معلمہ بچوں کے کام کا جائزہ لیں گی اور اگر بچوں کو املا میں مدد درکار ہوئی تو تختہ نرم پر لکھ کر بچوں کی اصلاح کریں گی۔ |
| تحریری | ۱۵منٹ | ریاضت | معلمہ بچوں کو ہدایت دیں گی کہ صفحہ نمبر 55 پر دی گئی تصویر کے بارے میں چار سوالیہ جملے تحریر کریں۔ |
| تفویض کار | | | **☆کوئی سے پانچ سوالیہ جملے نوٹ بک میں تحریر کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی۔ دورانیہ: ۶۰ منٹ**

**سبق: مٹھی ماڈل اسکول پانچواں دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ تخلیقی لکھائی کی مہارت کو اُجاگر کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سرگرمی | ۱۵منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں کو دو گروہ میں تقسیم کر دیں۔ ایک گروہ ایک معلمہ کے ساتھ اور دوسرا گروہ دوسری معلمہ کے ساتھ اسکول کا دورہ کرے گا۔ معلمہ اسکول کے دورے کے دوران بچوں سے زبانی سوال بھی کریں گی۔ اسکول کس علاقے میں ہے؟ اسکول کی عمارت کتنے منزلہ ہے؟ کتنی جماعتیں ہیں؟ کھیل کا میدان کہاں ہے؟ اساتذہ کیسے ہیں؟ |
| تحریری | ۱۵منٹ | قبل از تحریر | بچے جوڑوں کی شکل میں معلمہ کی زیر نگرانی صفحہ نمبر 62 کی سرگرمی نمبر ۹ پہلے کتاب میں کریں گے۔ اسکول کے دورے کے دوران دی گئی معلومات کی مدد سے بچے کتاب میں جدول مکمل کریں گے۔ |
| تحریری | ۳۰منٹ | دوران تحریر | **☆نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 62 سرگرمی نمبر ۹ کے جدول کی مدد سے بچے اپنے اسکول کے بارے میں مضمون اپنی نوٹ بک میں لکھیں گے اور معلمہ بچوں کے کام کا جائزہ بھی ساتھ ساتھ لیں گی۔** |

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی۔ دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: سعد کا بکرا ۔ پہلا دن تاریخ:..................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ حلال اور حرام جانور کے درمیان فرق سمجھ سکیں۔ بچے پالتو جانور کی دیکھ بھال کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔ ☆ اپنی رائے کا تحریری اظہار کرنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۸۔۱۰ منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں کو مختلف جانوروں کی تصاویر ( بکرا، چوہا، گائے، شیر، ہاتھی، دنبہ، گھوڑا اور اونٹ ) دکھائیں گی۔ معلمہ بچوں سے جانوروں کے بارے میں پوچھیں گی کہ یہ کہاں رہتا ہے ؟۔ "جیسے معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ شیر کہاں رہتا ہے ؟ کیا ہم بکرے کو گھر میں رکھ سکتے ہیں ؟ کیوں ؟"۔ معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ کیا آپ نے گھر میں کوئی جانور پالا ہے ؟ معلمہ بچوں سے ان جانوروں کے نام پوچھ کر تختہ نرم پر لکھیں گی۔ معلمہ بچوں کو بتائیں گی کہ ایسے جانور جن کو ہم اپنے گھر میں پال سکتے ہیں انھیں "پالتو جانور" کہتے ہیں۔ اور پھر معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ عید پر ان کے گھر کون سا جانور آیا تھا؟ اور انھوں نے اپنے جانور کا خیال کیسے رکھا۔ معلمہ بچوں کو بتائیں گی کہ بقر عید پہ جن جانوروں کی قربانی ہم کرتے ہیں انھیں "حلال جانور" کہتے ہیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ سبق میں موجود نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے ہر لفظ کی تین مرتبہ پڑھائی کروائیں اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ **(بھاگتا، نرم و ملائم، معصوم، بے حد، خیال، عرصے، قربانی)**<br>☆ تختہ لکھائی کی مدد سے الفاظ کی بناوٹ سکھائی جائے۔ |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | صفحہ نمبر 63 اور 64 کی دوسری عبارت ("ہم اس کی قربانی کر دیں گے"۔) تک کی بلند خوانی کرائی جائے۔ پڑھائی کے بعد زبانی سوال جواب کے ذریعے بچوں کی فہم کا جائزہ لیں۔ **س۔ سعد کمرے سے باہر کیوں بھاگا؟ س۔ سعد نے صحن کے کونے میں کیا دیکھا؟ س۔ بکری کے بچے کے جسم پر کیسے بال تھے؟ س۔ ابو بکرا کیوں لائے تھے؟ س۔ ابو نے بکری کے بچے کا خیال رکھنے کا کیوں کہا؟** |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **☆نوٹ بک کا کام:۔ قبل از مطالعہ سرگرمی ا کا س ۲ اور ۳ بچے اپنی نوٹ بک میں کروائیں۔** معلمہ ایک ایک کر کے سوال تختہ نرم پہ لکھیں اور بچے ان کے جواب اپنی نوٹ بک میں۔<br>**س 1: آپ کا پسندیدہ پالتو جانور کون سا ہے ؟ نام لکھیں۔**<br>**س ۲۔ آپ اپنے پالتو جانور کا خیال کیسے رکھیں گے ؟ دو نکات میں لکھیں۔** |
| تفویض کار | | | **☆صفحہ نمبر 63 اور 64 کی دوسری عبارت ("ہم اس کی قربانی کر دیں گے"۔) کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 67 کی سرگرمی ۵ کتاب میں کریں۔**<br>**☆ان الفاظ کی تیاری املا کے لئے کریں، املا اگلے ہفتے ہو گا۔ (بھاگتا، معصوم، خیال، ملائم، خیال، قربانی)** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی۔　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: سعد کا بکرا　　۔دوسرا دن　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ مقاصد:**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆بچوں کو یہ آگاہی ہو سکے کہ اللہ تعالی کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے ہمیں اپنی سب سے پیاری چیز قربان کرنی چاہیئے۔☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت حاصل کر سکیں۔☆ الفاظ کے معنی سمجھ اور ان کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆ سبق کا مفہوم سمجھنے کے بعد دیے گئے سوالات کے جوابات از خود تلاش کر کے لکھنا سیکھ لیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | 10 منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لئے پچھلی جماعت سے چند سوال کریں گی۔ س۔ ابو کیا لائے تھے؟ س۔ بکرا کیسا تھا؟ س۔ سعد کو بکری کا بچہ کیسا لگا تھا؟ س۔ ابو بکرا کیوں لائے تھے؟ معلمہ حضرت ابراہیم کا قربانی کا واقعہ مختصرا بچوں کو سنائیں اور ان کو اللہ کی راہ میں اپنی پسندیدہ چیز کی قربانی کی اہمیت سے آگاہ کریں۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | **معلمہ پچھلی** جماعت میں پڑھائے گئے الفاظ کی **فلیش** کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے دھرائی کروائیں گی۔ معلمہ سبق میں موجود نئے الفاظ کی **فلیش** کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے ہر لفظ کی تین مرتبہ پڑھائی کروائیں گی اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں گی **(کھلاتا۔ نہلاتا۔ کنگھی۔ پھیرتا۔ صفائی۔ فارغ۔ مصروفیات۔ توجہ۔ انوکھی۔ آخرکار۔ مطمئن۔ جدائی۔ خوشنودی)**☆ تختہ لکھائی کی مدد سے الفاظ کی بناوٹ سکھائی جائے گی۔ |
| تحریری | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | **☆کتاب کا کام:۔ صفحہ نمبر 66 کی سرگرمی نمبر ۲ کتاب میں کریں گے۔** |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 64 کے بقیہ حصے اور 65 کی بلند خوانی کریں گے۔ دورانِ مطالعہ معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں گی تاکہ ان کی دلچسپی برقرار رہے اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔ س۔ سعد بکری کا بچہ پا کر کیسا محسوس کر رہا تھا؟ س۔ سعد بکری کے بچے کا کس طرح خیال رکھتا تھا؟ س: اسکول کا ہوم ورک مکمل کرنے کے بعد سعد بکری کے بچے کے ساتھ کس طرح وقت گزارتا تھا؟ س۔ بکری کا بچہ سر کیوں ہلاتا تھا؟ س۔ قربانی کے وقت سعد کیسا محسوس کر رہا تھا؟ س۔ بکرے کی قربانی کے بعد سعد کیوں مطمئن تھا؟ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **☆نوٹ بک کا کام:۔ صفحہ نمبر 68 کی سرگرمی ۶ کا سوال نمبر ۱ اور ۲ نوٹ بک میں کریں۔** معلمہ ایک ایک کر کے سوال تختہ نرم پہ لکھیں اور بچے ان کے جواب اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ س۔ سعد بکری کے بچے کا خیال کیسے رکھتا تھا؟ تین نکات لکھیں۔ س۔ اسکول کا کام کرنے کے بعد سعد کیا کرتا تھا؟ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 63 اور 64 کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 68 کی سرگرمی ۷ کتاب میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی۔　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: سعد کا بکرا　　تیسرا دن　　تاریخ: ----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ الفاظ کو درست املا سے لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ جملوں میں فعل کی پہچان کر سکیں۔

☆ سبق کا مفہوم سمجھنے کے بعد دیے گئے سوالات کے جوابات از خود تلاش کر کے لکھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| بصری / سمعی تحریری | 15 منٹ | | املا: معلمہ تختہ لکھائی پہ الفاظ لکھیں۔ (**بھاگتا، معصوم، خیال، ملائم، خیال، قربانی**)۔ معلمہ بچوں کے ساتھ مل کر ان تمام الفاظ کی 5 سے 6 بار پڑھائی کروائیں۔ پھر ایک ایک کر کے تمام الفاظ بچوں سے پوچھیں۔ اب معلمہ ان الفاظ کو تختہ لکھائی سے مٹا دیں۔ اب معلمہ ایک ایک کر کے ان الفاظ کو آہستہ آہستہ زبانی بولیں۔ بچے ان الفاظ کو اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ |
| سمعی بصری | 15 منٹ | | معلمہ سبق میں سے سوالات بنا کر پرچیوں پر لکھ دیں اور ان پرچیوں کو ایک ٹوکری میں رکھ دیں۔ اب جماعت میں دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ کے بچے باری باری آ کر سبق کی بلند خوانی کریں گے اور دوسرا گروہ کے بچوں کو کہیں کہ وہ غور سے سنیں۔ پڑھائی کے بعد دوسرے گروہ کے بچے پرچی اٹھائیں اور سوالات کے جوابات دیں۔۔ |
| لسانی نشوونما | 10 منٹ | تعارف | قواعد: فعل کا تعارف: سرگرمی<br>معلمہ پرچیوں پہ ایسے فعل لکھیں جو بچے با آسانی پڑھ کر جماعت میں کر سکیں۔ جیسے (کودنا، پڑھنا، لکھنا، کھانا، سونا، پینا، ہنسنا)۔ معلمہ بچوں کو ایک ایک کر کے بلائیں اور وہ بچہ ایک پرچی اٹھائے اس پہ جو لکھا ہوگا اس کو پڑھے اور بغیر کچھ کہے وہ کام کر کے دکھائے۔ جماعت کے بچے اس کو بوجھیں کہ یہ بچی / بچہ کیا کام کر رہا ہے۔ اسی طرح معلمہ کسی دوسرے بچوں کو بلا کر پرچی اٹھانے کو کہیں اور جماعت کے باقی بچوں سے اس عمل کو بوجھنے کو کہیں۔ |
| بصری سمعی | 5 منٹ | اعادہ | اب معلمہ چند جملے تختہ تحریر پر لکھیں اور بچوں کو مثالوں کے ذریعے فعل سمجھائیں۔ (علی نے سائیکل چلائی)۔ معلمہ بچوں سے پوچھیں کہ علی کیا کر رہا ہے۔ بچے بتائیں گے کہ سائیکل چلا رہا ہے۔ پھر معلمہ بتائیں کہ "چلانا" ایک کام ہے اور کسی کام کے کرنے کو ہم "فعل" کہتے ہیں۔ معلمہ کچھ اور مثالوں سے فعل کی وضاحت کریں۔ |
| تحریری | 15 منٹ | بعد از مطالعہ | ☆**نوٹ بک کا کام:- صفحہ نمبر 68 کی سرگرمی ۶ کا سوال نمبر ۳ اور ۴ نوٹ بک میں کروائیں۔** معلمہ ایک ایک کر کے سوال تختہ نرم پہ لکھیں اور بچے ان کے جواب اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔<br>س۔ سعد کی باتیں سن کر بکری کا بچہ سر کیوں ہلاتا تھا؟<br>س۔ بکرے کی قربانی کرنے کے بعد سعد کیوں مطمئن تھا؟ |
| تفویض کار | | | **☆ سبق کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 66 کی سرگرمی نمبر ۳ کتاب میں کریں۔ ☆ سبق: "سعد کا بکرا" کے صفحہ نمبر 64 کی دوسری عبارت کی سطور کی تیاری املا کے لئے کریں۔ (سعد بکری کا بچہ پا کر۔۔۔۔۔ صفائی کا خاص خیال رکھنا)** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی۔　　دورانیہ: ۶۰ منٹ**

**سبق: سعد کا بکرا　　چوتھا دن　　تاریخ: ------------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ الفاظ کی درست بناوٹ اور املا میں مہارت حاصل کر سکیں۔ ☆ فعل کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔ ☆ ذخیرہ الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سمعی تحریری | 15 منٹ | جانچ | سبق: "سعد کا بکرا" کے صفحہ نمبر 64 کی دوسری عبارت کی سطور کا املا لیا جائے۔ معلمہ املا لیتے وقت سطور کا ترتیب سے املا نہ لیں۔ (سعد بکری کا بچہ پا کر-----صفائی کا خاص خیال رکھنا۔) |
| تحریری | 15 منٹ | ریاضت | ☆**کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 69 کی سرگرمی نمبر ۸ بچے کتاب میں کروائیں۔ معلمہ فعل کا اعادہ کروانے کے بعد بچوں کو کام کرنے کا طریقہ سمجھائیں۔ کام کے دوران جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو دشواری ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تحریری | ۳۰ منٹ | جملہ سازی | **نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 67 کی سرگرمی ۴**<br>☆ معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تاکہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆ اب طلبا سرگرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆ اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تاکہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو |
| تفویض کار | | | ☆**صفحہ نمبر 70 کی سرگرمی ۱۱ کے مطابق کتابچہ تیار کریں۔** |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی۔ دورانیہ: ۶۰ منٹ

سبق: سعد کا بکرا پانچواں دن تاریخ: ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ جانوروں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔ ☆ اپنے پسندیدہ جانور کے بارے میں اظہار خیال کر سکیں۔

☆ تخلیقی لکھائی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت<br>زبانی<br>اظہار | ۱۰ منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں کو بتائیں کہ جنگلی جانور اور پالتو جانور میں کیا فرق ہے۔ اب معلمہ بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے گھر میں کوئی جانور ہے؟ بچوں کے جوابات کی مدد سے ان جانوروں کے نام تختہ لکھائی پر لکھیں۔ اب ان میں سے کسی ایک پالتو جانور کا انتخاب کریں اور بچوں سے اس جانور سے متعلق زبانی سوال کریں اور اس کی خصوصیات کا جال بنائیں۔ س۔ آپ کے پسندیدہ پالتو جانور کون سا ہے؟ س۔ کس رنگ کا ہے؟ س: اس کی جسمانی ساخت کسی ہے؟ (آنکھیں / کان۔ بال کیسے ہیں؟ قد کیسا ہے؟) س۔ آپ کا جانور کیا کھانا پسند کرتا ہے؟ س۔ آپ اپنے پالتو جانور کو کہاں رکھتے ہیں؟ س۔ آپ اس کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟ س۔ اس کے ساتھ کیسے وقت گزارتے ہیں؟ س۔ آپ کے گھر والوں کا رویہ اس کے ساتھ کیسا ہے؟ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | قبل از تحریر | ☆**نوٹ بک کا کام:** بچے صفحہ نمبر 70 سرگرمی نمبر ۹ کریں۔ اب معلمہ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اسی طرح اپنے پسندیدہ جانور کے بارے میں معلوماتی جال بنائیں۔ |
| تحریری | ۳۰ منٹ | دوران تحریر | ☆**نوٹ بک کا کام:** صفحہ نمبر 70 کی سرگرمی نمبر ۱۰ کروائی جائے۔ بچے سرگرمی ۹ کے بنائے گئے جال کی مدد سے اپنے پسندیدہ پالتو جانور کے بارے میں مضمون اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو مشکل درپیش ہو انکی مدد کریں۔ |
| تفویض کار | | | **☆صفحہ نمبر 70 کی سرگرمی ۱۱ کے مطابق کتابچہ تیار کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**نظم: دو چوزے۔ پہلا دن　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نظم کو دلچسپ انداز میں ترنم کے ساتھ پڑھ سکیں۔

☆ نظم کا مفہوم سمجھنے کے بعد سوالات کے جوابات از خود لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 5 منٹ | آمادگی | معلمہ طلباء سے صفحہ نمبر 71 کی سرگرمی 1 کا سوال زبانی پوچھیں۔ اگر آپ کے سامنے اچانک چوہا آ جائے تو کیا کریں گے۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 71 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں (چنّا، چگنے، لپکا، کیڑا، پتلا، لمبا، پکڑا، کھینچا، پیچھے) |
| تحریری | 15 | قبل از مطالعہ | معلمہ بچوں کو صفحہ نمبر 72 کی سرگرمی ۲ کرنے کا طریقہ سکھائیں۔ معلمہ حروف لکھیں اور بچے حروف کو ملا کر بتائیں کہ یہ کون سا لفظ ہے۔ (حروف کو ملا کر لفظ مکمل کریں۔) |
| پڑھائی | 15 منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ اور طلبا مل کر صفحہ نمبر 71 پر دی گئی نظم ترنم کے ساتھ پڑھیں۔<br>نظم پڑھنے کے بعد معلمہ طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ چنا منا کون تھے؟ س 2۔ دونوں کہاں گئے تھے؟ س 3۔ منّے کا کیا نظر آیا؟ س 4۔ دونوں چوزے کیوں ڈر گئے تھے؟ |
| تحریری | 30 منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:**<br>صفحہ نمبر 73 کی سرگرمی ۵ کا س ۱، ۲ اور ۳ کروایا جائے۔ معلمہ بچوں سے باری باری سوال پڑھنے کو کہیں اور ان سے زبانی جواب پوچھیں تا کہ بچوں کے فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔ اس کے بعد بچے ان سوالات کے جوابات اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ جوابات لکھنے کے دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں |
| تفویض کار | | | نظم ''دو چوزے'' صفحہ نمبر 71 سے پڑھیں اور صفحہ نمبر 73 کی سرگرمی ۵ کا سوال ۴ اور ۵ نوٹ بک میں کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو　　　ماہانہ منصوبہ بندی　　　دورانیہ 60 منٹ**

**نظم: دو چوزے۔ دوسرا دن　　　تاریخ: ــــــــــــــــــ**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نظم کو خوش الحانی سے پڑھ سکیں۔ ☆ پرندوں کے نام پڑھنے اور لکھ سکیں۔

☆ زیر، زبر اور پیش والے الفاظ کی پہچان کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 71 پر دیئے گئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | اعادہ | طلباء اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر نظم دو چوزے خوش الحانی کے ساتھ پڑھیں گے۔ |
| زبانی | 20 منٹ | سرگرمی | معلمہ بچوں کو مختلف پرندوں کی تصاویر دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں۔ بچے ان پرندوں کی ایک ایک خصوصیت بتائیں۔<br>**کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 73 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۴ کتاب |
| تحریری | 20 منٹ | بعد از مطالعہ | **کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 74 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۶ کتاب میں کروائی جائے۔<br>۱: معلمہ پہلے تختہ تحریر پر مختلف الفاظ لکھیں اور بچوں سے ان کی ادائیگی کروائیں اور پوچھیں کہ اس پر کون سی حرکت لگائی جائے۔ مثلاً: لمبا، اُس، اِس، بُھوک، بھَاگ، بِجلی<br>۲: معلمہ بچوں کو زیر، زبر، پیش کا فرق بتائیں۔<br>۳: اب معلمہ کچھ الفاظ لکھیں اور بچوں سے اس کی ادائیگی کروائیں اور ان سے پوچھیں کہ اس پر کون سی حرکت لگائی جائے گی۔ رنگین چاک سے ان الفاظ پر بچے زیر / زبر / پیش لگائیں گے۔<br>اس کے بعد بچے یہ سرگرمی کتاب میں کریں۔ معلمہ بچوں سے یہ الفاظ نظم میں سے تلاش کرنے کے لیے کہیں اور ان کی مدد کریں۔ |
| تفویض کار | | | نظم "دو چوزے" زبانی یاد کریں۔<br>صفحہ نمبر 74 پر دی گئی سرگرمی نمبر ۷ کتاب میں کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ 60 منٹ**

**نظم: دو چوزے۔ تیسرا دن　　تاریخ: ---------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ نظم خوش الحانی سے پڑھ سکیں۔☆ الفاظ کو درست املا سے لکھ سکیں۔☆ الفاظ کے متضاد کی پہچان کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| لسانی نشوونما | 10 منٹ | ریاضت | معلمہ کمرہ جماعت میں موجود طلباء سے گروہ کی شکل میں نظم "دو چوزے" ترنم سے پڑھوائیں۔ |
| تحریری | 15 منٹ | ریاضت | **نوٹ بک کا کام:** معلمہ طلباء سے جھٹ پٹ املا لیں۔ (معلمہ الفاظ تختہ لکھائی پر لکھیں۔ طلبا اپنی یادداشت سے ان الفاظ کو لکھیں۔) چگنے، لپکا، کیڑا، پکڑا، کھینچا، پیچھے<br>1۔ **دیکھو:** طلبا تختہ لکھائی پر لکھے گئے الفاظ کو بغور دیکھیں۔<br>2۔ **پڑھو:** طلبا ہر لفظ کو باری باری تین بار با آواز بلند پڑھیں۔<br>3۔ **چھپاؤ:** معلمہ الفاظ مٹا دیں۔<br>4۔ **لکھو:** طلبا اپنی یادداشت کی مدد سے ان الفاظ کو اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔<br>5۔ **جانچو:** معلمہ باری باری ہر لفظ کو تختہ لکھائی پر لکھیں اور طلبا اپنی نوٹ بک میں لکھے گئے الفاظ کی اصلاح کریں۔ |
| لسانی نشوونما | 10 | تعارف | قواعد: الفاظ / متضاد<br>معلمہ بچوں کو کچھ چیزیں دکھائیں۔ مثلاً دو پنسلیں دکھائیں۔ ایک چھوٹی ایک بڑی۔ بچوں سے پوچھیں کیا دونوں برابر ہیں؟ دونوں میں کیا فرق ہے؟ ایک چھوٹی ہے اور ایک بڑی۔ اب ایک بچے کو بلائیں اور اپنے ساتھ کھڑا کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا بچے کا قد معلمہ کے برابر ہے؟ کون لمبا ہے کون چھوٹا؟ |
| سمعی بصری | 10 | اعادہ | ☆ سرگرمی: ۱: معلمہ تختہ تحریر پر کچھ الفاظ لکھ دیں۔ مثلاً: لمبا، گرم، موٹی، باسی، آگے، اوپر، باہر<br>۲:۔ اور دو ٹیمیں بنائیں۔ ہر ٹیم سے ایک بچہ بلائیں۔<br>۳: دونوں کو تختہ تحریر سے تھوڑے فاصلے پر کھڑا کر دیں۔<br>۴: اب معلمہ لفظ بولیں گی اور دونوں بچے بھاگ کر اس کی ضد والے لفظ پر ہاتھ رکھیں گے۔ مثلاً معلمہ لفظ بولیں پتلی۔ اب بچے بھاگ کر لفظ موٹی پر ہاتھ رکھیں گے کیوں کہ یہ اس کی ضد ہے۔ جیتنے والے بچے کی تیم کو ایک نمبر دیں۔<br>۵: اب دوسرے بچوں کو بلائیں اور دوسرا لفظ بولیں۔ |
| تحریری | منٹ 15 | ریاضت | **کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 75 کی سرگرمی نمبر ۸ کتاب میں کروائی جائے۔ |
| | | تفویض کار | چوزے کے بارے میں چھ جملے لکھیں۔ |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ 60منٹ

نظم: دو چوزے۔ چوتھا دن تاریخ:-----------------

مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛

☆ نظم خوش الحانی سے پڑھ سکیں۔ ☆جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ تخلیقی صلاحیت کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| لسانی نشو ونما | 10منٹ | ریاضت | معلمہ کمرہ جماعت میں موجود طلباء سے گروہ کی شکل میں نظم "دو چوزے" ترنم سے پڑھوائیں۔ |
| تحریری | منٹ25 | | **نوٹ بک کا کام:**<br>صفحہ نمبر72 کی سر گرمی نمبر ۳ نوٹ بک میں کروائی جائے۔(جملہ سازی)<br>☆معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تا کہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆اب طلبا سر گرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆اس سر گرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تا کہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| تحریری | 25منٹ | ریاضت | **کتاب کا کام:** صفحہ نمبر76 سر گرمی ۹<br>معلمہ بچوں سے نظم "دو چوزے" کے بارے میں سوالات کریں گی اور کہانی کی شکل میں اس کا اعادہ کروائیں گی۔ اور صفحہ نمبر76 پر دیا گیا کہانی کا نقشہ مکمل کروائیں گی۔ معلمہ بچوں سے نظم کا عنوان پوچھیں گی اور بچے کتاب میں دیئے گئے خانے میں نام لکھیں گے۔<br>۲: معلمہ بچوں سے پوچھیں گی کہ چنا منا کہاں گئے تھے؟ اور بچوں کو مقام کے خانے میں اس جگہ کا نام یعنی "باغ" لکھنے کو کہیں۔<br>۳: معلمہ بچوں سے پوچھیں کہ اس نظم میں کس کس کا ذکر ہے؟ بچے کردار کے خانے میں چنا۔ منا اور چوہا لکھیں گے۔<br>۴: اب معلمہ بچوں سے پوچھیں کہ باغ میں ان کے ساتھ کیا مسئلہ پیش آیا تھا؟ بچے بتائیں گے کہ ان کو سوراخ میں ایک کیڑا نظر آیا۔ جب انہوں نے اس کو کھینچا تو وہ چوہا تھا۔ بچے مسئلے کے خانے میں لکھیں گے۔<br>۵: اب معلمہ پوچھیں کہ آخر میں کیا ہوا؟ بچے بتائیں گے کہ چنا منا چوہے سے ڈر کر بھاگ گئے تھے۔ بچے یہ جواب انجام کے خانے میں لکھیں گے۔ |
| تفویض کار | | | |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: شہد کی مکھی۔ پہلا دن　　تاریخ:۔---------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ شہد کی افادیت کے بارے میں جان سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کو جملوں میں استعمال کرنا سیکھ لیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سبق کا مفہوم سمجھنے کے بعد سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 5 تا 8 منٹ | آمادگی | معلمہ طلباء سے صفحہ نمبر 77 کی سرگرمی 1 کا سوال زبانی پوچھیں۔ اور شہد کی مکھی اور شہد کی افادیت کے بارے میں گفتگو کریں۔ **(معلمہ بچوں کو شہد کی مکھی کی تصویر دکھائیں اور اس کے بارے میں گفتگو کریں۔ شہد کیسے ملتا ہے؟ قرآن میں بھی اس کا ذکر ہے۔ قرآن مجید کی ایک سورۃ کا نام "نحل" ہے۔ "نحل" شہد کی مکھی کو کہتے ہیں۔ یہ دن رات محنت کر کے شہد بناتی ہے جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے۔)** |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 77 اور 78 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (چھینکیں، نزلہ، دھیمے، لہجے، فائدہ، شفقت، تعجب، محنتی،) |
| پڑھائی | 15 منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ چند طلباء سے باری باری صفحہ نمبر 77 اور 78 کی بلند خوانی کروائیں۔<br>دورانِ پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ مریم کہاں کھیل رہی تھی؟ س 2: دادی جان تخت پر بیٹھی کیا کر رہی تھیں؟ س 3: مریم کو نزلہ کیوں ہو گیا تھا؟ س 4: دادی جان نے امی کو کیا لانے کے لیے کہا؟ س 5: دادی جان نے مریم کو شہد والا پانی کیوں پلایا؟ س 6: مریم شہد والا پانی کیوں نہیں پینا چاہتی تھی؟ س 7: شہد کی مکھی کو پھولوں کی رانی کیوں کہا جاتا ہے؟ |
| تحریری | 20 منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:** بچے صفحہ نمبر 83 کی سرگرمی نمبر ۶ کا س ۱ اور ۲ نوٹ بک میں کروائیں۔ (معلمہ بچوں کو سوالات کے جوابات سبق میں سے خود تلاش کر کے لکھنے دیں۔ البتہ جن بچوں کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔) |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 77 اور 78 کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 83 کی سرگرمی ۶ کا س ۳ اور ۴ نوٹ بک میں کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: شہد کی مکھی۔ دوسرا دن　　تاریخ:.................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ شہد کی مکھی کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر لیں ☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کو جملوں میں استعمال کرنا سیکھ سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 5 تا 8 منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں سے پچھلی جماعت میں پڑھائے گئے صفحات کا اعادہ کروائیں اور سبق کے بارے میں زبانی سوالات کریں۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 77 اور 78 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے اعادہ کروائیں۔ اور صفحہ نمبر 79 اور 80 سے نئے الفاظ پڑھنا سکھائیں۔ (ڈھونڈتی، غور سے، حیرت، حیرانی، سکھایا، مخلوق، نرالی، استعمال، صحت مند، محفوظ، فائدے) |
| تحریری | 15 منٹ | دوران مطالعہ | کتاب کا کام: صفحہ نمبر 81 کی سرگرمی ۴ کتاب میں کروائی جائے۔ معلمہ ایک ایک کر کے لفظ کے معنی پوچھیں اور بچوں کو درست معنی سے ملانے کو کہیں۔ |
| پڑھائی | 15 منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ دو دو بچوں کی جوڑی بنائیں۔ ایک بچہ اچھا پڑھنے والا اور ایک بچے کو مشکل در پیش ہو۔ دونوں کی جوڑی بنا کر صفحہ نمبر 79 اور 80 کی بلند خوانی کروائیں۔ اٹکنے کی صورت میں ان کی مدد کریں۔ اس طرح باری باری جوڑوں کی شکل میں سب سے چند سطور کی پڑھائی کروائیں۔<br>دوران پڑھائی معلمہ بچوں کی دلچسپی قائم کرنے کی غرض سے سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ شہد کی مکھی شہد کہاں جمع کرتی ہے؟ س 2: شہد کی مکھی کے گھر کو کیا کہتے ہیں؟ س 3: چھتے میں سوراخ کیوں ہوتے ہیں؟ س 4: شہد کی مکھی کو پھولوں کا رس جمع کرنا کس نے سکھایا؟ س 5: شہد کا استعمال کس طرح فائدہ مند ہے؟ |
| تحریری | 20 منٹ | بعد از مطالعہ | <u>**کا کام:**</u> بچے صفحہ نمبر 83 اور 84 کی سرگرمی نمبر ۶ کا س ۵ اور ۶ نوٹ بک میں کروائیں۔۔ (معلمہ بچوں کو سوالات کے جوابات سبق میں سے خود تلاش کر کے لکھنے دیں۔ البتہ جن بچوں کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔) |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 79 اور 80 کی پڑھائی کریں اور صفحہ نمبر 83 کی سرگرمی ۵ کتاب میں کریں۔ |

جماعت اوّل: اردو  ماہانہ منصوبہ بندی  دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: شہد کی مکھی۔ تیسرا دن  تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کو جملوں میں استعمال کرنا سیکھ لیں۔ ☆صفت کے بارے میں جان سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | 5منٹ | اعادہ | معلمہ ذخیرہ الفاظ کا اعادہ کروائیں گی۔ |
| تحریری | 10منٹ | اعادہ | **کتاب کا کام:** بچے صفحہ نمبر82 کی سرگرمی ۳ کتاب میں کریں۔ |
| تحریری | 20منٹ | ریاضت | **نوٹ بک کا کام:** صفحہ نمبر 51 کی سرگرمی ۴ جملہ سازی کروائی جائے۔<br>☆معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تا کہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆اب طلبا سرگرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تا کہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| زبانی | 05منٹ | تعارف | **☆ قواعد:** صفت کا تعارف دیا جائے گا۔ معلمہ بچوں کو "گیند" دکھائیں اور بچوں سے پوچھیں کہ اس کی شکل کیسی ہے ؟ رنگ کیسا ہے ؟ بچوں سے جوابات کی مدد سے اس کا صفاتی جال بچوں کی مدد سے تختہ تحریر پر بنائیں اور بچوں کو بتائیں کہ ان لفاظ کو صفاتی الفاظ کہتے ہیں۔ |
| بصری | 10منٹ | اعادہ | صفحہ نمبر 84 سے صفت کی تعریف معہ مثال سمجھائی جائے۔ معلمہ چند جملے تختہ تحریر پر لکھیں اور بچوں سے صفاتی لفظ پوچھ کر خط کشید کریں۔ |
| تحریری | 10منٹ | ریاضت | کتاب کا کام: صفحہ نمبر 84 کی سرگرمی ۷ کتاب میں کرائی جائے۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 81 کی سرگرمی نمبر ۲ پر دیئے گئے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ املا اگلے دن لیا جائے گا۔** |

**جماعت اوّل: اردو** **ماہانہ منصوبہ بندی** **دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: شہد کی مکھی۔ چوتھا دن** **تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ املا کی مہارت پر عبور حاصل کر لیں۔ ☆ شہد کے بارے میں معلومات حاصل کر لیں۔ ☆ شہد کے بارے میں معلوماتی عبارت لکھنا سیکھ لیں۔ ☆ تخلیقی لکھائی کی مہارت پر عبور حاصل کر لیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سمعی اور تحریری | 10 منٹ | جانچ | **☆ پچھلی جماعت میں دیے گئے املا کے الفاظ کا تختہ تحریر پر اعادہ کیا جائے۔**<br>**نوٹ بک کا کام: املا لیا جائے۔** |
| سمعی بصری | ۱۰ منٹ | قبل از تحریر | ☆ شہد کے بارے میں گفتگو کی جائے۔ معلمہ صفحہ نمبر 86 پر دیے گئے جال سے متعلق طلبا سے "شہد" کے بارے میں سوالات پوچھیں گی۔ 1: قرآن مجید کی کس سورہ میں شہد کا ذکر ہے؟ 2: شہد کون بناتا ہے؟ 3: شہد کس رنگ کا ہوتا ہے؟ 4: اس کا ذائقہ کیسا ہوتا ہے؟ 5: شہد کی مکھی شہد کہاں جمع کرتی ہے؟ 6: شہد سے کیا کیا فائدے ہوتے ہیں؟ |
| تحریری | ۳۰ منٹ | دوران تحریر | اس کے بعد بچے اس جال کی مدد سے "شہد" کے بارے میں معلوماتی عبارت نوٹ بک میں لکھیں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور کمزور طلبا کی مدد کریں۔ |
| زبانی | ۱۰ منٹ | بعد از تحریر | تحریری سرگرمی مکمل ہونے کے بعد معلمہ جماعت میں سے تین بہترین تحریروں کا انتخاب کریں۔ اور وہ بچّے اپنی عبارت با آواز بلند جماعت کے دیگر طلبا کو پڑھ کر سنائیں۔ اس طرح بچوں کی حوصلہ افزائی بھی ہو گی اور دوسرے طلبا بھی عبارت لکھنے کا درست طریقہ جان لیں گے۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 85 کی سرگرمی نمبر ۸ کتاب میں کریں۔ اور بنائی گئی فہرست کی مدد سے تصویر کے بارے میں پانچ جملے تحریر کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو** **ماہانہ منصوبہ بندی** **دورانیہ 60 منٹ**

**سبق: اچھے پڑوسی** **پہلا دن** **تاریخ:.................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ پڑوسی کون ہوتے ہیں اس سے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| زبانی اظہار | ۵ منٹ | آمادگی | معلمہ طلبا سے صفحہ نمبر 87 کی قبل از مطالعہ سرگرمی نمبر ا کے سوالات زبانی پوچھیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 87 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (کنارے۔ سایہ دار۔ گھنا۔ کھوہ۔ گھونسلہ۔ شرارتی) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 87 کی بلند خوانی کریں۔<br>دورانِ پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ دریا کے کنارے کس چیز کا درخت تھا؟ س 2۔ ننھی چڑیا کے کتنے بچے تھے؟ س 3۔ درخت کے اوپر کس کا گھونسلہ تھا؟ س 4۔ گلہری کا گھر کہاں تھا؟ س 5۔ شرارتی کوے نے اپنا گھونسلہ کہاں بنایا؟ |
| تحریری | ۳۰ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆**نوٹ بک کا کام:** طلبا صفحہ نمبر 87 خاموش مطالعہ کریں اور صفحہ نمبر 92 کی سرگرمی ۶ کا سوال نمبر ۱، ۲، اور ۳ کریں گے۔<br>س 1۔ نیم کا درخت کہاں تھا؟ س 2۔ درخت پر کون کون رہتا تھا؟ س ۳: کوے نے اپنا گھر کہاں بنایا؟ س<br>اس دوران معلمہ طلبا کے کام کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 87 کی پڑھائی کریں اور اس صفحے پر موجود پانچ اسم تلاش کر کے اپنی نوٹ بک میں لکھیں اور جملے بنائیں۔ |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ 60 منٹ**

**سبق: اچھے پڑوسی**　　دوسرا دن　　**تاریخ:.................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ اپنے پڑوسیوں کا خیال رکھنے کی اہمیت جان سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ جملہ سازی کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ مختلف پرندوں کی آوازوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔ ☆ سوالات کے جوابات لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | ۵۔منٹ | آمادگی | معلمہ طلباء کو پڑوسیوں سے حسن سلوک کے بارے میں آگاہی دیں گی اور اس سلسلے میں وہ حضور پاک ﷺ کی حدیث بھی سنائیں گی تاکہ طلباء اس سبق کا مرکزی خیال اور مفہوم سمجھ لیں۔ |
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 88 میں دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (عاجز، ڈراتا، جھانک، ڈھیر، تنگ، پڑوسیوں) |
| پڑھائی | ۱۵ منٹ | دوران مطالعہ | طلبا اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 88 کی بلند خوانی کریں۔<br>دورانِ پڑھائی معلمہ سبق میں دی گئی معلومات سے متعلق طلبا سے چھوٹے چھوٹے سوالات بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔<br>س 1۔ پرندے کوے سے کیوں پریشان تھے؟ س 2۔ گلہری کی کھوہ میں کون سا میوہ تھا؟ س 3۔ گلہری کیوں رو رہی تھی؟ س 4۔ گلہری کے اخروٹ کس نے کھائے تھے؟ |
| تحریری | ۵۔۷ منٹ | بعد از مطالعہ | ☆ **<u>کتاب کا کام:</u>** طلبا صفحہ نمبر 92 پر دی گئی سرگرمی نمبر 5 کتاب میں کریں گے۔ اس دوران معلمہ طلباء سے پوچھیں گی کہ ان کو کس پرندے کی آواز نکالنا آتی ہے وہ جماعت میں پرندوں کی آواز نکالیں گے۔ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | بعد از مطالعہ | طلباء صفحہ نمبر 88 کی خاموش خوانی کریں گے اور صفحہ نمبر 92 کی سرگرمی ۶ کا سوال نمبر ۴ کریں گے۔ صفحہ نمبر 93 کی سرگرمی ۷ کا سوال نمبر ۱ اور ۲ نوٹ بک میں کریں گے۔<br>س ۵۔ کوا گلہری کے گھر میں کیوں جھانک رہا تھا؟ س ۱۔ سارے پرندے کوے سے کیوں پریشان رہتے تھے؟<br>س ۲۔ گلہری کیوں رو رہی تھی؟ |
| تفویض کار | | | دیے گئے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ (سایہ دار، گھونسلہ، کھوہ، شرارتی، عاجز، جھانک، شرارت) |

**جماعت اوّل: اردو          ماہانہ منصوبہ بندی          دورانیہ 60 منٹ**

**سبق: اچھے پڑوسی، تیسرا دن**          **تاریخ:**................

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ اسلام میں پڑوسیوں سے حسن سلوک کرنے کی اہمیت کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے الفاظ کے معنی جان سکیں۔ ☆ نئے ذخیرہ الفاظ سیکھ سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ سبق کا مفہوم سمجھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔ ☆ الفاظ کو درست املا سے لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و زبانی اظہار | 10 منٹ | آمادگی | معلمہ طلباء سے گفتگو کریں گی کہ وہ اپنے پڑوسیوں کا خیال کس طرح رکھتے ہیں؟ اسلام میں پڑوسیوں کی کیا اہمیت ہے۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 89 اور 90 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ (بھیگ، چلانے، ترس، جھٹ پٹ، پشیمان، معاف) |
| پڑھائی | 12-15 منٹ | دوران مطالعہ | طلباء اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر صفحہ نمبر 89 اور 90 کی بلند خوانی کریں۔ معلمہ دوران پڑھائی زبانی سوالات بھی پوچھیں تاکہ بچوں کی توجہ مرکوز رہے۔ |
| تحریری | 10 منٹ | دوران مطالعہ | **کتاب کا کام:** طلباء صفحہ نمبر 91 پر دی گئی سرگرمی 3 کتاب میں کریں گے۔ |
| سمعی اور تحریری | 15 منٹ | بعد از مطالعہ | دیے گئے الفاظ کا املا لیا جائے۔ (سایہ دار، گھونسلہ، کھوہ، شرارتی، عاجز، جھانک، شرارت) |

| | |
|---|---|
| تفویض کار | صفحہ نمبر 89 اور 90 کی پڑھائی کریں اور دیئے گئے سوالات کے جوابات نوٹ بک میں لکھیں۔<br>س 1۔ کوے نے سب سے معافی کیوں مانگی؟ س 2۔ اگر آپ گلہری کی جگہ ہوتے تو کوے کے ساتھ کیا سلوک کرتے؟ |

جماعت اوّل: اردو　　　ماہانہ منصوبہ بندی　　　دورانیہ 60 منٹ

**سبق: اچھے پڑوسی، چوتھا دن　　　تاریخ:-----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نئے ذخیرہ الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔۔☆ سبق کا مفہوم سمجھ کر سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔☆ ذخیرہ الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔☆ جملوں میں حرف جار کی پہچان کر لیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | ۱۰ منٹ | ریاضت | معلمہ صفحہ نمبر 91 کی سرگرمی ۲ پر دیئے گئے الفاظ کا فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے اعادہ کروائیں اور معنی پوچھیں۔ |
| بصری تحریر | ۱۰ منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:** طلباء صفحہ نمبر 89 کی خاموش خوانی کریں گے اور سوال کا جواب کاپی میں لکھیں گے۔ س 1۔ کوے کا گھونسلہ کیسے ٹوٹ گیا؟ |
| تحریری | ۲۰ منٹ | | صفحہ نمبر 91 پر دی گئی سرگرمی 4 نوٹ بک میں کروائیں۔(جملہ سازی)<br>☆ معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تاکہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆ اب طلبا سرگرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆ اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تاکہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| قواعد | 10 منٹ | تعارف | **سرگرمی:** معلمہ طلباء کو حرف جر سمجھانے کے لئے تختہ تحریر پر جملہ لکھیں مگر اس میں حرف جر نہ لکھیں۔ مثلاً جملہ لکھیں۔ **'بلی دیوار بیٹھی ہے'**۔ اس جملے میں لفظ **'پر'** نہ لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا یہ مکمل جملہ ہے؟ بچوں سے پوچھیں کہ اگر کسی جملے سے لفظ **میں، نے، سے، کو، پر** وغیرہ نکال دیا جائے تو کیا جملہ مکمل ہو سکے گا؟ بعد ازں معلمہ طلباء کو بتائیں گی کہ حرف جر وہ ہوتے ہیں جو کسی بھی اسم کو فعل سے ملاتے ہیں۔ مثلاً اس جملے میں **لفظ 'بلی' اور "دیوار" "اسم ہیں اور لفظ "بیٹھی" "فعل ہے۔**<br>(اس دوران معلمہ اسم اور فعل کا اعادہ کروائیں)<br>اب معلمہ چند جملے تختہ تحریر پر لکھیں اور بچوں سے پوچھیں کہ ان میں حرف جار کون سے الفاظ ہیں۔ |
| بصری تحریری | ۱۰ منٹ | اعادہ | صفحہ نمبر 94 کی سرگرمی ۹ کتاب میں کروائی جائے۔ |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 90 پر دی گئی سرگرمی 2 اور صفحہ نمبر 93 پر دی گئی سرگرمی 8 کتاب میں کریں۔ |

جماعت اوّل:اردو    ماہانہ منصوبہ بندی  دورانیہ:60منٹ

سبق:اچھے پڑوسی۔پانچواں دن    تاریخ:-----------------

مقاصد:اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛

☆سبق کو مناسب رفتار سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆ تخلیقی لکھائی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔☆صفت کی پہچان کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | آمادگی | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | ۱۵منٹ | بلند خوانی | معلمہ طلباء کے دو دو جوڑے بنائیں ایک بچہ پڑھائی میں بہترین اور ایک بچہ کو مشکل در پیش ہو اور دونوں مل کر سبق کی پڑھائی کریں ہر جوڑے سے تین سطور کی پڑھائی کروائیں اور دوران باقی طلباء اپنی تمام تر توجہ کتاب پر مرکوز کریں اور طلباء ان الفاظ کو خط کشیدہ کریں جن میں بچوں کو پڑھنے میں دشواری پیش آئی بعد ازاں معلمہ طلباء سے پوچھ کر ان الفاظ کو تختہ لکھائی پر لکھ کر تین تین بار پڑھائی کی مشق کروائیں۔ |
| حریری | 20منٹ | بعد از مطالعہ | **کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 95 پر دی گئی سرگرمی ۱۱ کو طلباء کتاب میں مکمل کریں گے اور جن طلباء کو کہانی کا اختتام تبدیل کرنے میں دشواری ہو رہی ہو تو معلمہ ان کی رہنمائی کریں گی۔<br>بعد ازاں معلمہ طلباء سے کہیں گی کہ وہ اپنی کہانی کا نیا اختتام کمرہ جماعت میں بلند آواز میں اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو پڑھ کر سنائیں۔ |
| زبانی | 5منٹ | اعادہ صفت | **نوٹ بک کا کام:** معلمہ طلباء کو صفت سمجھانے کے لئے کمرہ جماعت میں موجود اسم پوچھیں گی اور ان کی صفت پوچھیں گی بعد ازاں معلمہ بتائیں گی کہ کسی بھی اسم کی خامی، خوبی اس کی اچھائی، برائی اس کی صفت کہلاتی ہے۔ |
| تحریری | 20منٹ | ریاضت | بعد ازاں طلباء معلمہ کی رہنمائی سے صفحہ نمبر 95 پر دی گئی سرگرمی 10 نوٹ بک میں کریں گے۔(معلمہ بچوں سے پہلے جملے میں موجود صفت کو خط کشید کرنے کو کہیں اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ اب وہ اس جملے میں موجود صفت کو تبدیل کر کے کوئی دوسرا صفاتی لفظ سوچیں اور جملہ اپنی نوٹ بک میں دوبارہ لکھیں۔)<br>اس دوران معلمہ طلبا کے کام کی نگرانی کریں اور جن طلبا کو مشکل در پیش ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |

جماعت اول: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: سبزی والا۔ پہلا دن تاریخ:----------------

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ سبزیوں کی افادیت کے بارے میں جان سکیں۔ ☆ نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کو جملوں میں استعمال کرنا سیکھ سکیں۔ ☆ سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ فہم کی مہارت پر عبور حاصل ہو سکے۔ ☆ سبق کا مفہوم سمجھنے کے بعد سوالات کے جوابات لکھنا سیکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 5 تا 8 منٹ | آمادگی | ۔☆ **قبل از مطالعہ سرگرمی:** صفحہ نمبر 96 کی سرگرمی ازبانی **(معلمہ بچوں کو مختلف سبزیاں دکھائیں اور ان کے نام پوچھیں گی۔ پھر ان کی پسندیدہ سبزی کا نام پوچھیں گی اور ان کو یہ سبزی کیوں پسند ہے۔)** |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 99 پر دی گئی سرگرمی ۳ کے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں۔ |
| تحریری | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | **کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 99 کی سرگرمی ۳ |
| پڑھائی | 15 منٹ | دوران مطالعہ | ☆ 96 اور 97 کی باری باری چند بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ (آپ آج بھی سبزی پکائیں گی؟ تک) اس کے بعد معلمہ بچوں کی دلچسپی قائم کرنے کے لیے ان سے سبق کے بارے میں زبانی سوالات کریں۔ |
| تحریری | 15 منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:** صفحہ نمبر 100 کی سرگرمی ۶ کا س ا اور ۲ |
| تفویض کار | | | **☆ 96 اور 97 کی پڑھائی کریں۔ (آپ آج بھی سبزی پکائیں گی؟)۔ صفحہ نمبر 100 کی سرگرمی ۵ کتاب میں کریں۔** |

**جماعت اوّل: اردو　　　ماہانہ منصوبہ بندی　　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: سبزی والا۔ دوسرا دن　　　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆نبی ﷺ کی پسندیدہ سبزی کے بارے میں جان سکیں۔ ☆نئے الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کو جملوں میں استعمال کرنا سیکھ سکیں۔ ☆سبق کو درست تلفظ سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆فہم کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆سبق کا مفہوم سمجھنے کے بعد سوالات کے جوابات لکھنا سیکھ لیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| زبانی | 5منٹ | آمادگی | پیارے نبیؐ کی پسندیدہ سبزی کے بارے میں گفتگو کریں۔ |
| بصری | 10منٹ | قبل از مطالعہ | ☆صفحہ نمبر 99 کی سرگرمی ۳ کے الفاظ کی تختہ نرم یا تختہ لکھائی سے پڑھائی کا اعادہ، الفاظ کے معنی کا اعادہ جملوں میں استعمال کی زبانی مشق |
| بصری اور تحریری | 15منٹ | قبل از مطالعہ | **کھیل لفظوں کی زنجیر: صفحہ نمبر 98 کی سرگرمی ۲ سمجھائی جائے۔** مثلاً معلمہ سبق میں سے لفظ "ٹماٹر" تلاش کر کے تختہ تحریر پر لکھیں اور بچے اس کے آخری حرف یعنی "ر" سے شروع ہونے والا کوئی بھی لفظ بتائیں۔ معلمہ تختہ تحریر پر وہ لفظ لکھیں۔ اس طرح باری باری بچے ہر لفظ کے آخری حرف سے شروع ہونے والا لفظ بتائیں اور معلمہ لفظوں کی زنجیر بناتی جائیں۔<br>**کتاب کا کام:** بچے صفحہ نمبر 98 کی سرگرمی ۲ کتاب میں کریں۔ جن بچوں کو مشکل در پیش ہو معلمہ ان کی رہنمائی کریں۔ |
| بصری | 15منٹ | دوران مطالعہ | ☆97 کا بقیہ حصہ اور 98 کی باری باری چند بچوں سے بلند خوانی کروائی جائے گی اس کے بعد معلمہ بچوں سے سبق کے بارے میں زبانی سوالات کریں۔ سبزیاں کھانے کے فائدے پوچھیں۔ |
| تحریری | 15منٹ | بعد از مطالعہ | نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 100 کی سرگرمی ۶ کا سوال ۳ اور ۴ نوٹ بک میں کریں۔ |
| تفویض کار | | | **صفحہ نمبر 97 اور 98 کی پڑھائی کریں۔ صفحہ نمبر 100 کی سرگرمی ۶ کا سوال 5 اور 6 نوٹ بک میں کریں۔** |

جماعت اوّل: اردو　　　ماہانہ منصوبہ بندی　　　دورانیہ ۶۰ منٹ

سبق: سبزی والا۔ تیسرا دن　　　تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ذخیرہ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کو جملوں میں استعمال کرنا سیکھ سکیں۔☆ تخلیقی صلاحیت کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

☆صفاتی الفاظ کے بارے میں جان سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| بصری | 10 منٹ | ریاضت | **☆صفحہ نمبر 99 کی سرگرمی ۳ کے الفاظ کی تختہ نرم یا تختہ لکھائی سے پڑھائی کا اعادہ کروایا جائے۔** |
| تحریری | 20 منٹ | | **نوٹ بک کا کام: صفحہ نمبر 99 کی سرگرمی ۴**<br>☆معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تاکہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆اب طلبا سرگرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تاکہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| سمعی<br>بصری | 10 منٹ | اعادہ | **قواعد: صفت کا اعادہ سرگرمی کی مدد سے کروایا جائے۔**<br>(سرگرمی: معلمہ چند اشیا ٹوکری میں جمع کریں۔ اور بچوں سے ان کے نام پوچھیں اور یاد دہانی کروائیں کہ یہ سب اسم کہلاتے ہیں۔ بچوں کو چھ گروہ میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک ایک چیز اور ایک کاغذ دے دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ اس چیز کی خوبیوں کا جال بنائیں مثلاً دیکھنے میں کیسی ہے / رنگ کیا ہے / ساخت کیسی ہے۔ گروہ کے تمام بچے مل کر ان چیزوں کے کم از کم تین صفاتی لفظ سوچیں گے اور دیے گئے کاغذ پر اس کا صفاتی جال بنائیں۔ معلمہ سرگرمی کے بعد بچوں سے ان کا صفاتی جال پڑھنے کو کہیں۔) |
| تحریری | 20 منٹ | ریاضت | **کتاب کا کام: صفحہ نمبر 102 کی سرگرمی ۸ کتاب میں کروائی جائے۔** |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 101 کی سرگرمی ۷ کتاب میں کریں۔ اور صفحہ نمبر 99 کی سرگرمی ۳ کے الفاظ کی تیاری املا کے لیے کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: سبزی والا۔ چوتھا دن　　تاریخ: ----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆سبزیوں کی پہچان کر سکیں۔ ☆املا کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆زبانی اظہار کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| | 15منٹ | آمادگی | ☆**بوجھو تو جانیں:** معلمہ مختلف سبزیوں کو ایک پوٹلی کے اندر بند کر دیں۔ باری باری ایک ایک بچے کو بلائیں اور اس کو پوٹلی کے اندر ہاتھ ڈال کر اس سبزی کا نام پوچھیں۔ بچہ اس پوٹلی کے اندر ہاتھ ڈال کر سبزی کو محسوس کرے اور اس کا نام بوجھے۔ |
| سمعی اور تحریری | 15منٹ | جانچ | املا کے الفاظ کا اعادہ کروایا جائے۔ صفحہ نمبر 99 کی سرگرمی ۳ کے الفاظ کا نوٹ بک میں املا لیا جائے۔ |
| زبانی اظہار | 30منٹ | | **سرگرمی:** بچوں سے صفحہ نمبر 103 کی سرگرمی ۱۰ کروائی جائے۔<br>بچوں کو مختلف سبزیوں کے ماسک پہنائے جائیں اور بچے ماسک پہن کر سبزیوں کا رول پلے کریں۔ ہر بچہ اپنی اپنی سبزی کے بارے میں کم از کم چار جملے بولے۔ مثلاً جس بچے کو آلو کا ماسک پہنایا جائے وہ آلو کے بارے میں جماعت کے سامنے جملے بولے: میں ایک آلو ہوں۔ میرا رنگ بھورا ہے۔ میں مٹی کے اندر اگتا ہوں۔ بچے میرے چپس بنا کر شوق سے کھاتے ہیں۔<br>اسی طرح باری باری ہر بچہ رول پلے کرے۔ |
| تفویض کار | | | گھر میں موجود چھ سبزیوں کی تصاویر پر مشتمل ایک کتابچہ تیار کریں اور ہر سبزی کے بارے میں کم از کم تین جملے لکھیں۔ |

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ**

**سبق: سبزی والا۔ پانچواں دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ذخیرہ الفاظ کی پڑھائی میں مہارت حاصل کر سکیں۔ ☆اپنی پسندیدہ سبزی کے بارے میں معلوماتی عبارت لکھنا سیکھ سکیں۔

☆ تخلیقی لکھائی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سمعی بصری | 10منٹ | آمادگی | ☆سبق "سبزی والا" کے الفاظ کی بصری پڑھائی تختہ تحریر / تختہ نرم / فلیش کارڈز کی مدد سے کروائی جائے۔ الفاظ کے معنی پوچھے جائیں۔ معلمہ تختہ نرم سے دو تا تین الفاظ کے کارڈز غائب کر دیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کون سا لفظ تختہ نرم پر موجود نہیں ہے۔ اس طرح بچوں کی یادداشت کا جائزہ لیا جائے۔ |
| سمعی بصری | 10منٹ | قبل از تحریر | ☆بچوں سے ان کی پسندیدہ سبزی کے بارے میں گفتگو کی جائے۔ معلمہ صفحہ نمبر 103 پر دیے گئے جال سے متعلق طلبا سے سوالات پوچھیں۔ 1: آپ کی پسندیدہ سبزی کون سی ہے؟ 2: وہ کس رنگ کی ہے؟ 3: اس کی شکل کیسی ہے؟ 4: سبزی کا ذائقہ کیسا ہے؟ 5: اس سبزی کو کس طرح استعمال کیا جاتا ہے؟ 6: اس سبزی کے استعمال سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟ |
| تحریری | 30منٹ | دوران تحریر | اس کے بعد بچے اس جال کی مدد سے "پسندیدہ سبزی" کے بارے میں معلوماتی عبارت نوٹ بک میں لکھیں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو مشکل در پیش ہو انکی مدد کریں۔ |
| زبانی | 10منٹ | بعد از تحریر | تحریری سرگرمی مکمل ہونے کے بعد معلمہ جماعت میں سے تین بہترین تحریروں کا انتخاب کریں۔ اور وہ بچّے اپنی عبارت با آواز بلند جماعت کے دیگر طلبا کو پڑھ کر سنائیں۔ اس طرح بچوں کی حوصلہ افزائی بھی ہو گی اور دوسرے طلبا بھی عبارت لکھنے کا درست طریقہ جان لیں گے۔ |
| تفویض کار | | | |

جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ ۶۰ منٹ

نظم: سچ۔ پہلا دن تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:**

☆ اچھی عادتوں کے بارے میں جان سکیں۔ ☆ سچ بولنے کے فائدے جان سکیں۔ ☆ نئے ذخیرہ الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نئے الفاظ کے معنی جان سکیں۔ ☆ الفاظ سازی کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نظم کو دلچسپ انداز میں ترنم کے ساتھ پڑھنا سیکھ سکیں۔ ☆ نظم کا مفہوم سمجھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت و اظہار | 10منٹ | آمادگی | معلمہ طلباء سے صفحہ نمبر 104 کی سرگرمی 1 کے سوالات زبانی پوچھیں۔ بچوں سے باری باری ان کی اچھی عادات پوچھیں اور ان کے جوبات کی مدد سے تختہ تحریر پر فہرست بنائیں۔ بچوں سے سچ بولنے کے فوائد پر گفتگو کریں۔ |
| پڑھائی | 10منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 104 پر دیئے گئے نئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے پڑھائی کروائیں۔ اور جملوں میں استعمال کی مدد سے ان کے معنی بھی سمجھائیں (سنہری، ارادہ، وعدہ، روشن، جھڑیں، بالکل، مانند) |
| بصری تحریری | 5منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ بچوں کو صفحہ نمبر 105 کی سرگرمی ۳ کرنے کا طریقہ سکھائیں گی۔ معلمہ لفظ بولیں اور بچوں سے ان کے معنی پوچھیں اور بچے کتاب میں لکھیں۔ |
| پڑھائی | 15منٹ | دوران مطالعہ | معلمہ اور طلبا مل کر صفحہ نمبر 104 پر دی گئی نظم ترنم کے ساتھ پڑھیں۔<br>نظم پڑھنے کے بعد معلمہ بچوں سے ہر شعر کا مفہوم بھی پوچھیں اور طلبا کے فہم کا جائزہ لیں۔ |
| تحریری | 20منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:**<br>صفحہ نمبر 106 کی سرگرمی ۶ کا س ۱، ۲ اور ۳ کروایا جائے۔ معلمہ بچوں سے باری باری سوال پڑھنے کو کہیں اور ان سے زبانی جواب پوچھیں تاکہ بچوں کے فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔ اس کے بعد بچے ان سوالات کے جوابات اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ جوابات لکھنے کے دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو مشکل درپیش ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | نظم "سچ" پڑھیں۔ صفحہ نمبر 105 کی سرگرمی ۲ کتاب میں کریں اور ان الفاظ کو تین تین بار اپنی نوٹ بک میں خوشخط لکھیں۔ |

**جماعت اوّل: اردو          ماہانہ منصوبہ بندی          دورانیہ 60 منٹ**

**نظم: سچ۔ دوسرا دن          تاریخ:.................**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ اللہ تعالی کو خوش کرنے والے کام کرنے کی رغبت پیدا کر سکیں۔ ☆ نئے ذخیرہ الفاظ پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر سکیں۔ ☆ نظم کو دلچسپ انداز میں ترنم کے ساتھ پڑھ سکیں ☆ نئے ذخیرہ الفاظ کے معنی سمجھ کر ان کو جملوں میں استعمال کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| سماعت<br>زبانی<br>اظہار | 5 منٹ | آمادگی | معلمہ بچوں سے اللہ تعالی کو خوش کرنے والے کاموں کے بارے میں پوچھیں اور ان کے جوابات کی مدد سے تختہ تحریر پر فہرست بنائیں۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | قبل از مطالعہ | معلمہ صفحہ نمبر 104 پر دیئے گئے الفاظ کی فلیش کارڈز / تختہ نرم / تختہ لکھائی کی مدد سے اعادہ کروائیں اور معنی پوچھیں۔ |
| پڑھائی | 10 منٹ | دوران مطالعہ | طلباء اپنی معلمہ کے ساتھ مل کر نظم "سچ" خوش الحانی کے ساتھ پڑھیں گے۔ |
| تحریری | 10 منٹ | بعد از مطالعہ | **کتاب کا کام:** صفحہ نمبر 106 کی سرگرمی ۴ کتاب میں کروائیں۔ |
| تحریری | 25 منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:**<br>صفحہ نمبر 106 کی سرگرمی نمبر ۵ نوٹ بک میں کروائی جائے۔ (جملہ سازی)<br>☆ معلمہ پہلے اپنا جملہ بتائیں اور پھر طلبا سے ان کا جملہ پوچھیں تاکہ طلبا الفاظ کا جملوں میں استعمال سیکھ لیں۔<br>☆ اب طلبا سرگرمی ۴ کے الفاظ کے جملے خود اپنی نوٹ بک میں بنائیں۔ اس دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن طلبا کو مدد کی ضرورت ہو ان کی رہنمائی کریں۔<br>☆ اس سرگرمی کے بعد معلمہ طلبا کے معیاری جملے جماعت کے دوسرے طلبا کو پڑھ کر سنائیں تاکہ طلبا کی حوصلہ افزائی ہو۔ |
| تفویض کار | | | نظم "سچ" زبانی یاد کریں۔ صفحہ نمبر 104 سے آخری تین اشعار کی تیاری املا کے لیے کریں۔ |

**جماعت اوّل: اردو ماہانہ منصوبہ بندی دورانیہ 60منٹ**

**نظم: سچ۔ تیسرا دن تاریخ:-----------------**

**مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛**

☆ نظم خوش الحانی سے پڑھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر لیں۔ ☆ الفاظ کو درست املا سے لکھنے کی مہارت پر عبور حاصل کر لیں۔ ☆ نظم کا مفہوم سمجھ کر پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| پڑھائی | 15منٹ | ریاضت | معلمہ پانچ پانچ بچوں کے گروہ بنا دیں۔ اور ہر گروہ سے باری باری کورس کے انداز میں نظم "سچ "ترنم سے پڑھوائیں ۔ جب ایک گروہ نظم پڑھ رہا ہو تو باقی گروہ کو ہدایت دیں کہ وہ اس دوران اپنی نظریں کتاب میں نظم پر مرکوز رکھیں۔ |
| تحریری | 15منٹ | ریاضت | **نوٹ بک کا کام:** معلمہ طلبا سے دیے گئے اشعار کا املا لیں۔ |
| تحریری | 30منٹ | بعد از مطالعہ | **نوٹ بک کا کام:**<br>صفحہ نمبر 107 کی سرگرمی ۷ کا س ۱، ۲، ۳ اور ۴ کروایا جائے۔ معلمہ بچوں سے باری باری سوال پڑھنے کو کہیں اور ان سے زبانی جواب پوچھیں تاکہ بچوں کے فہم کا جائزہ لیا جاسکے۔ اس کے بعد بچے ان سوالات کے جوابات اپنی نوٹ بک میں لکھیں۔ جوابات لکھنے کے دوران معلمہ جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو مشکل درپیش ہو ان کی رہنمائی کریں۔ |
| تفویض کار | | | صفحہ نمبر 107 کی سرگرمی ۸ نوٹ بک میں کریں۔ |

جماعت اوّل: اردو　　ماہانہ منصوبہ بندی　　دورانیہ 60 منٹ

نظم: سچ۔ چوتھا دن　　تاریخ:----------------

مقاصد: اس سبق کے اختتام پر طلبا اس قابل ہو جائیں کہ؛

☆ سچ بولنے کی رغبت حاصل کر لیں۔ ☆ تخلیقی صلاحیت کی مہارت پر عبور حاصل کر لیں۔ ☆ اسم اور فعل کی پہچان کر لیں۔ ☆ تصویر کے بارے میں جملے تخلیق کر سکیں۔

| مہارت | دورانیہ | مرحلہ | طریقہ کار |
|---|---|---|---|
| لسانی نشوونما | 10 منٹ | قبل از تحریر | معلمہ بچوں سے گفتگو کریں کہ سچ بولنا کیسی عادت ہے؟ اور سچ بولنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟ معلمہ بچوں کے جوابات کی مدد سے تختہ تحریر پر اہم الفاظ کا جال بنائیں۔ |
| تحریری | 20 منٹ | دوران تحریر | **نوٹ بک کا کام:** بچے صفحہ نمبر 108 کی سرگرمی ۱۰ کریں۔ معلمہ اس دوران جماعت کا جائزہ لیں اور جن بچوں کو مشکل درپیش ہو ان کی مدد کریں۔ |
| سمعی بصری زبانی | 10 منٹ | اعادہ | معلمہ اسم اور فعل کا اعادہ مثالوں کی مدد سے کروائیں۔ معلمہ تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں۔ بچوں کو صفحہ نمبر 108 پر دی گئی تصویر کا بغور مشاہدہ کرنے کو کہیں۔ اور ان سے تصویر میں موجود اسم پوچھیں اور اسم کے کالم میں فہرست بنائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ اس تصویر میں کون کیا کر رہا ہے اور ان کے جوابات فعل کے کالم میں تختہ تحریر کریں۔ مثلاً:<br>**اسم: سورج، لڑکا، لڑکی، جھولا، آسمان، بطخ، تتلی، پھول، تالاب**<br>**فعل: چمکنا، جھولنا، بھاگنا، تیرنا، اڑنا، بیٹھا** |
| تحریری | 20 منٹ | ریاضت | **نوٹ بک کا کام:** صفحہ نمبر 108 کی سرگرمی ۹ کروائی جائے۔ اب بچے اس تصویر میں موجود اسم اور فعل کا استعمال کرتے ہوئے عبارت لکھیں۔ مثلاً:<br>یہ ایک باغ کی تصویر ہے۔ سورج آسمان پر چمک رہا ہے۔ باغ میں بہت سارے بچے ہیں۔ کچھ بچے جھولا جھول رہے ہیں۔ ایک لڑکی اور لڑکا بھاگ رہے ہیں۔ باغ میں ایک تالاب بھی ہے جس میں بطخیں تیر رہی ہیں۔ تتلیاں پھولوں پر منڈلا رہی / اڑ رہی ہیں۔ دو بچے لکڑی کے بنے ہوئے پل پر کھڑے ہیں۔ دو لڑکیاں بنچ پر بیٹھی ہوئی باتیں کر رہی ہیں۔ |
| تفویض کار | | | نظم "سچ" زبانی یاد کریں۔ |